# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

***OFFICIAL REPORT***

Thursday, June 20, 2019
(290th Session)
Volume V, No.06
(No.01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*
Volume V SP.I(06)/2019
No.06 15

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Leave of Absence ........ 2
3. Motion Under Rule 194(1) moved by Senator Ayesha Raza Farooq, Chairperson, Committee on Rules of Procedure and Privileges regarding Privilege Motion No. 01(288)/2019-M ........ 2
4. Motion Under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Asad Ashraf, on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding the Compulsory Blood Test of the Spouses and Proposed Spouses for Thalassaemia Disease Bill, 2019. ........ 4
5. Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Dr. Asad Ashraf on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding Pakistan Medical and Dental Council Bill, 2019 ........ 5
6. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Asad Ashraf, on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding fake Ph.D. Degree of CEO, DRAP ........ 5
7. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Asad Ashraf, on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding increase in the prices of medicines during the last three months ........ 7
8. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Asad Ashraf, on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding quantity and value of medicines/vaccines being imported from India on monthly basis ........ 8
9. Motion moved Rule 194(1) moved by Senator Mian Raza Rabbani, on behalf of Chairman Standing Committee on Law and Justice regarding the sit-in of the employees of State Life Insurance Corporation for their demands ........ 9
10. Further Discussion on the Finance Bill, 2019-20 ........ 10
    - Senator Muhammad Usman Khan Kakar ........ 10
11. Motion under Rule 263 moved by Senator Mushtaq Ahmed for dispensation of rules ........ 23
12. Resolution moved by Senator Mushtaq Ahmed regarding the tragic death of Muhammad Mursi, the former President of Arab Republic of Egypt during the trial ........ 24
    - Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the Opposition. 26
13. Further Discussion on the Finance Bill, 2019 ........ 27
    - Senator Atta Ur Rehman ........ 27
    - Senator Anwar ul Haq Kakar ........ 32
    - Senator Mian Raza Rabbani ........ 40
    - Senator Muhammad Ayub ........ 50

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Thursday, June 20, 2019

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty minutes past four in the evening with Mr. Chairman (Mr. Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۗ وَهُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٢ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۗ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ
يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝٣ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ
رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ۗ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝٤ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ
الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۥ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝٥

ترجمہ: ۔اللہ تعالیٰ انسانوں کے لیے جو رحمت (کادروازہ) کھول دے تو کوئی اس کو بند کرنے والا نہیں اور جو بند کر دے تو اس کے بعد کوئی اس کو کھولنے والا نہیں ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ لوگو! اللہ کے جو تم پر احسانات ہیں ان کو یاد کرو۔ کیا اللہ کے سوا کوئی اور خالق (اور رازق) ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق دے؟ اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم کہاں بہکے پھرتے ہو۔ اور (اے پیغمبر ﷺ) اگر یہ لوگ تم کو جھٹلائیں تو تم سے پہلے بھی پیغمبر جھٹلائے گئے ہیں۔ اور (سب) کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ لوگو! اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ تو تم کو دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے اور نہ (شیطان) فریب دینے والا تمہیں فریب دے۔

(سورۃ الفاطر۔آیات 2تا5)

## Leave of Absence

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔اسلام علیکم۔

Leave applications

سینیٹر ڈاکٹراشوک کمارصاحب ملک سے باہر ہونے کی بناپر مورخہ 11تا18جون اجلاس میں شرکت نہیں کرسکے تھے۔انہوں نےان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیاایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر لیاقت خان ترکئی صاحب بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 19جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کرسکتے تھے۔انہوں نے اس تاریخ کے لیےایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیاایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر سید مظفر حسین شاہ صاحب ملک سے باہر ہونے کی بنا پر مورخہ 20جون تا اختتام حالیہ اجلاس ایوان میں شرکت نہیں کرسکیں گے۔ انہوں نے ان تاریخوں کے لیےایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیاایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر ثناجمالی صاحبہ ملک سے باہر جارہی ہیں،انہوں نے مورخہ 21جون تا اختتام حالیہ اجلاس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Order No. 2. Senator Ayesha Raza Farooq, Chairperson, Committee on Rules of Procedure and Privileges, may move Order No. 2.

## Motion Under Rule 194(1) moved by Senator Ayesha

**Raza Farooq, Chairperson, Committee on Rules of Procedure and Privileges regarding Privilege Motion No. 01(288)/2019-M**

Senator Ayesha Raza Farooq: I, Chairperson, Committee on Rules of Procedure and Privileges move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report on Privilege Motion No.01(288)/2019-M moved by Senator Bahramand Khan Tangi on 25th April, 2019, may be extended for a period of sixty working days with effect from 26th June, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report on Privilege Motion No.01(288)/2019-M moved by Senator Bahramand Khan Tangi on 25th April, 2019, may be extended for a period of sixty working days with effect from 26th June, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No. 3. Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on his behalf Senator Dr. Asad Ashrafmay move Order No. 3.

**Motion Under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Asad Ashraf, on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding the Compulsory Blood Test of the Spouses and Proposed Spouses for Thalassaemia Disease Bill, 2019.**

Senator Dr. Asad Ashraf: I, member Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the Compulsory Blood Test of the Spouses and Proposed Spouses for Thalassaemia Disease Bill, 2019, introduced by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh on 21st January, 2019, may be extended for a period of sixty working days with effect from 20th June, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the Compulsory Blood Test of the Spouses and Proposed Spouses for Thalassaemia Disease Bill, 2019, introduced by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh on 21st January, 2019, may be extended for a period of sixty working days with effect from 20th June, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.4, Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh, Chairman, Standing Committee by Senator Dr. Asad Ashraf on National

Health Services, Regulations and Coordination, on his behalf Senator Dr. Asad Ashraf may move No.4.

**Motion under Rule 194 (1) moved by Senator Dr. Asad Ashraf on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding Pakistan Medical and Dental Council Bill, 2019**

Senator Dr. Asad Ashraf: Thank you sir. I on behalf of Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the Pakistan Medical and Dental Council Bill, 2019, may be extended for a period of sixty working days with effect from 21st June, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved that under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the Pakistan Medical and Dental Council Bill, 2019, may be extended for a period of sixty working days with effect from 21st June, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.5, Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations on his behalf Senator Dr. Asad Ashraf may move Order No.5.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Asad**

**Ashraf, on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding fake Ph.D. Degree of CEO, DRAP**

Senator Dr. Asad Ashraf: I on behalf of Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of starred question No. 37, asked by Senator Rana Mahmood-ul-Hassan on 26th April, 2019, regarding the fake Ph.D. degree of CEO of DRAP, may be extended for a period of sixty working days with effect from 26th June, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of starred question No. 37, asked by Senator Rana Mahmood-ul-Hassan on 26th April, 2019, regarding the fake Ph.D. degree of CEO of DRAP, may be extended for a period of sixty working days with effect from 26th June, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.6, Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on his behalf Senator Dr. Asad Ashraf move Order No.6.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Asad Ashraf, on behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding increase in the prices of medicines during the last three months**

Senator Dr. Asad Ashraf: I on behalf of Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of starred Question No. 50, asked by Senator Kalsoom Perveen on 26th April, 2019, regarding increase in prices of medicines in the country during the last three months, may be extended for a period of sixty working days with effect from 26th June, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of starred Question No. 50, asked by Senator Kalsoom Perveen on 26th April, 2019, regarding increase in prices of medicines in the country during the last three months, may be extended for a period of sixty working days with effect from 26th June, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman; Order No.7, Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh, Chairman, Standing

Committee on National Health Services, Regulations and Coordination on his behalf Senator Dr. Asad Ashraf move Order No.7.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Asad Ashrafon behalf of Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding quantity and value of medicines/vaccines being imported from India on monthly basis**

Senator Dr. Asad Ashraf: Thank you sir. I on behalf of Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of starred Question No. 75, asked by Senator Abdul Rehman Malik on 26th April, 2019, regarding the quantity and value of medicines/vaccines being imported from India on monthly basis, may be extended or a period of sixty working days with effect from 26th June, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of starred Question No. 75, asked by Senator Abdul Rehman Malik on 26th April, 2019, regarding the quantity and value of medicines/vaccines being imported from India on monthly basis, may be

extended for a period of sixty working days with effect from 26th June, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.8 Senator Muhammad Javed Abbasi, Chairman, Standing Committee on Law and Justice, on his behalf Senator Mian Raza Rabbani please move Order No.8.

**Motion moved Rule 194(1) moved by Senator Mian Raza Rabbani, on behalf of Chairman Standing Committee on Law and Justice regarding the sit-in of the employees of State Life Insurance Corporation for their demands**

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, on behalf of Senator Muhammad Javed Abbasi Chairman, Standing Committee on Law and Justice, I beg to move under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Mushahid Ullah Khan on 26th April, 2019, regarding the sit-in of the employees of the State Life Insurance Corporation for their demands, may be extended for a period of sixty working days with effect from 25th June, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Mushahid Ullah Khan on 26th April, 2019, regarding the sit-in of the

employees of the State Life Insurance Corporation for their demands, may be extended for a period of sixty working days with effect from 25th June, 2019.

*(The motion was carried)*

## **Further Discussion on the Finance Bill, 2019-20**

Mr. Chairman: We may now take up Order No.9, further consideration of the following motion moved by Mr. Muhammad Hammad Azhar, Minister of State for Revenue on 11th June, 2019:-

> "That the Senate may make recommendations to the National Assembly on the Finance Bill, 2019, containing the Annual Budget Statement, under Article 73 of the Constitution.".

Now, I give the floor to Senator Muhammad Usman Khan Kakar Sahib.

### **Senator Muhammad Usman Khan Kakar**

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! آپ کی مہربانی کہ آپ نے مجھے بجٹ کے حوالے سے گزارشات پیش کرنے کا موقع دیا۔ صوبوں اور مرکز کے درمیان مسائل، کشمکش، ظلم، جبر، میرٹ کا نہ ہونا، کرپشن، دہشت گردی، امن وامان کا مسئلہ اس کے بجٹ پر direct اثرات ہوتے ہیں، اس کے ملکی معیشت پر direct اثرات ہوتے ہیں لہٰذا ہمیں ان points کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین! پاکستان ایک Federation ہے اور اب Federation میں بھی قومیں مطمئن نہیں ہیں کیونکہ یہاں پر قومی برابری نہیں ہے، قومی بالادستی اور قومی غلامی کا concept یہاں پر عملاً موجود ہے اور آئین کے بعض Articles سے اب بھی ہمارے اختلافات ہیں۔ ہم 1973 کے آئین کے بعض Articles سے مطمئن نہیں ہیں، مثال کے طور پر اس آئین میں سینیٹ کے اختیارات نہیں ہیں۔ ہمارا آئین پشتو، بلوچی، سندھی، سرائیکی اور پنجابی زبانوں کو قومی زبانیں تسلیم نہیں کرتا، وسائل پر قوموں کا مکمل اختیار ہمارے آئین میں موجود نہیں ہے، خارجہ اور

داخلہ پالیسیوں میں قوموں کی مشاورت نہیں ہے اس کے باوجود ہماری Establishment یہاں پر صدارتی طرز حکومت لانا چاہتی ہے۔ ہم اب تک Federation سے مطمئن نہیں ہیں، وہ یہاں پر صدارتی طرز حکمرانی مسلط کرنا چاہتے ہیں جس پر مسلسل کام ہو رہا ہے۔ کسی بھی حالت میں ہم اس کے لیے تیار نہیں ہیں کہ ملک میں صدارتی طرز حکومت ہو کیونکہ اگر یہ لوگ یہاں پر طاقت اور سازش کے ذریعے لانا چاہتے ہیں تو پھر اس کا آئندہ کا لائحہ عمل کچھ اور ہوگا، ابھی تو شکر ہے کہ ماسوائے حکمران جماعت کے باقی تمام جماعتیں، اقوام اور عوام اس کے خلاف ہیں، اگر ان لوگوں نے وہ مسلط کر دیا پھر تو یہ اقوام مطالبہ کریں گی کہ ہمیں قومی خودمختاری دے دو۔ جب آپ 1973 کے آئین سے بھی متفق اور مطمئن نہیں ہیں پھر تو اقوام قومی خودمختاری کی بات کریں گی۔ لہٰذا یہ بات اس ملک کو تقسیم کرنے کا ایک عمل ہے۔ ابھی ان لوگوں کی مرضی ہے کہ یہ ملک کو متحد رکھنا چاہتے ہیں یا تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین! مسئلہ یہ ہے کہ اس آئین میں پشتون قومی وحدت نہیں ہے یعنی اس میں ایک federating unit نہیں ہے، بلوچستان میں ہمارا بہت بڑا حصہ ہے، اسی طرح خیبر پختونخوا، اٹک اور میانوالی میں بھی ہے، یہ کیسا آئین ہے کہ انگریز نے ہمیں جس طرح تقسیم کیا تھا اب 72 سالوں میں بھی ہم یہ حق نہیں رکھتے ہیں کہ ہمارا ایک متحدہ صوبہ پشتونخوا، پشتونستان یا افغانیہ کے نام سے ہو۔ صوبوں کی ازسرنو تشکیل ہونی چاہیے کیونکہ پاکستان پانچ اقوام کا ایک گھر ہے اس لیے یہاں پانچ federating units ہونے چاہییں، انتظامی حوالے سے ہم صوبوں کے مخالف ہیں، یہی صوبے ہوں مگر ان کی ازسرنو تشکیل ہو اور ان کی حقیقی زمین پر اپنا صوبہ اور federating unit ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! اب بھی اٹھارھویں ترمیم کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں، عملی طور پر devolution نہیں ہوئی ہے۔ میں تو یہ کہوں گا کہ 50% سے زیادہ devolved subjects صوبوں کے حوالے نہیں کیے گئے ہیں۔ اس میں مزید encroachment ہو رہی ہے۔ لہٰذا اس پر کام کرنا چاہیے کہ 100% اٹھارھویں ترمیم پر من و عن عمل درآمد ہونا چاہیے۔ یہ آئین کا فیصلہ ہے، یہ آئینی بات ہے، جو لوگ بھی یہ نہیں چاہتے وہ آئینی خلاف ورزی کر رہے ہیں، چاہے وہ کوئی جماعت ہو، چاہے حکمران ہوں یا چاہے ایک ادارہ ہو۔

جناب چیئرمین! احتساب کی بات ہو رہی ہے۔ کہاں ہے احتساب؟ احتساب تو سب سے پہلے ان جرنیلوں کا ہونا چاہیے جو ضیاء الحق اور اس کا خاندان ہے، جو مشرف تھا، جو اس وقت کے جرنل تھے، جرنل اختر عبدالرحمان، حمید گل، یہ مشہور نام تھے اور بھی لوگ تھے جنہوں نے Afghan war میں اربوں ڈالر جمع کیے۔ تباہی ہمارے ملک اور عوام کی ہوئی، پیسے یہ لوگ لے گئے، کوئی بھی ان کے احتساب کی بات نہیں کر رہا ہے۔ سیاست دانوں، judiciary، فوجی اور سول Establishment کا احتساب ہونا چاہیے، پارلیمانی کمیشن ہونا چاہیے اور ان سب کا احتساب ہونا چاہیے، سب سے پہلے سیاستدانوں کا احتساب کریں مگر آخر میں کسی اور کی باری بھی آنی چاہیے۔ یہاں پر احتساب کے نام پر blackmailing ہو رہی ہے، یہ blackmailing والا احتساب اپوزیشن کے خلاف، اپنے مخالفین کے خلاف انہوں نے جو ڈرامہ بازی شروع کی ہے یہ ہمیں منظور نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! CPEC میں بلوچوں اور پشتونوں کا حصہ نہیں دیا گیا ہے۔ غربی روٹ پر آج تک ایک اینٹ بھی نہیں رکھی گئی ہے۔ 16500 میگاواٹ بجلی کے منصوبوں میں غربی روٹ پر خاص طور پر بلوچستان کی پشتون belt میں ایک میگاواٹ بجلی کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ کس طرح ہم اس سے مطمئن ہوں گے؟ صحیح democracy کے لیے land reforms ہونے چاہییں۔ یہاں پر تو عدالتیں speed سے کام کر رہی ہیں لیکن سپریم کورٹ میں land reforms کے مقدمے کا سالوں سے فیصلہ نہیں آ رہا ہے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر ہماری فوج نے ضرب عضب کے نام سے آپریشن شروع کیا۔ دہشت گردوں کے خلاف ردالفساد کے نام سے آپریشن شروع ہوا، اچھی بات ہے، ہم سب خوش تھے کہ اب دہشت گردی ختم ہو گی، دہشت گردوں کے خلاف یہ آپریشن ہو گا لیکن جناب چیئرمین! اگر آپ لوگوں کو یاد ہو کہ ڈیڑھ سال پہلے یہاں پشتونوں کے خلاف آپریشن شروع ہوا جس کی ہم نے مذمت کی۔ آج وہ آپریشن دہشت گردوں کی بجائے سیاسی جماعتوں کے خلاف جاری ہے۔ یہ آپریشن اپوزیشن کے خلاف جاری ہے۔ میڈیا کے خلاف یہ آپریشن جاری ہے۔ اب بھی یہ آپریشن پشتونوں کے خلاف جاری ہے، میں بہت سی مثالیں دے سکتا ہوں لیکن میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ہوں۔

یہاں پر ایک الیکشن ہوا جو فراڈ الیکشن تھا، وہ selection تھا، عوام کی مرضی کے خلاف یہاں پر لوگوں کی selection کی گئی۔ قومی اسمبلی میں اور صوبائی اسمبلیوں میں ایسے لوگوں کو لایا گیا جنہوں نے پانچ ہزار ووٹ بھی نہیں لیے تھے اور ان کے مخالفین نے پچاس ہزار ووٹ لیے تھے لیکن پچاس ہزار والے ہار گئے اور پانچ ہزار والے جیت گئے، کیا اس طرح سے الیکشن ہوتا ہے؟ لوگ کرپشن کی بات کرتے ہیں، سب سے بڑی کرپشن الیکشن میں ہوئی جو بائیس کروڑ عوام کے خلاف تھی۔ عوام سے حق حکمرانی کو چھین لیا گیا۔ اب یہ فیصلہ بھی Establishment کے ہاتھ میں ہے کہ ملک کا وزیراعظم کون ہوگا، صوبے کا وزیراعلیٰ کون ہوگا، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے ارکین کون ہوں گے، یہ اس ریاست کے ساتھ بہت بڑا ظلم اور جبر ہے۔ یہ اس آئین اور بائیس کروڑ عوام کے ساتھ جبر ہے جو یہ لوگ کر رہے ہیں مگر کوئی اس پر بات نہیں کرنا چاہتا ہے۔ یہ سب سے بڑی کرپشن ہے جو ان لوگوں نے کی۔

جناب چیئرمین! افسوس کی بات ہے کہ اسے ایک welfare State ہونا چاہیے تھا مگر اب یہ ایک Military State ہے، welfare کچھ بھی نہیں ہے۔ آج سے دس سال پہلے جو بھی اصلاحات سیاسی جماعتوں نے نافذ کی تھیں جس میں پارلیمنٹ کی بالادستی، آئین پر عمل درآمد، جمہوری روایات اور جمہوری طریقہ، اب ایک سال میں پچھلے دس سالوں کی محنت کو ضائع کر دیا گیا ہے۔ اب ہم بیس سال پیچھے، ضیاء الحق اور مشرف دور میں کھڑے ہیں، لوگ، پارلیمنٹ، عوام اور سیاست دان محنت کرتے ہیں لیکن یہ لوگ ہمیں ایک سال میں بیس سال پیچھے لے گئے ہیں، اس کا ہمیں کون حساب کتاب دے گا؟ عوام کو کون حساب کتاب دے گا؟

جناب چیئرمین! یہاں پر PTM ایک حقیقت ہے۔ جو بھی اس سے انکار کرتے ہیں، وہ غلطی پر ہیں۔ آپ وہاں پر عوامی لیگ سے انکار کر رہے تھے، اس کا انجام آپ نے بنگلہ دیش کی شکل میں دیکھ لیا۔ انکار مت کریں۔ جب بنگلہ دیش بن رہا تھا، یہاں کی بڑی بڑی پارٹیاں اور لیڈر خاموش تھے بلکہ بعض کہہ رہے تھے کہ بنگلہ دیش کے خلاف، بنگالیوں کے خلاف، عوامی لیگ کے خلاف operation کردو۔ حالانکہ اس وقت اگر وہ پارٹیاں، وہ لیڈرز موقع پر عوامی لیگ کے ساتھ کھڑے ہوتے، بنگالیوں کے ساتھ کھڑے ہوتے تو آج بنگلہ دیش نہ بنتا۔ لہٰذا، ہم آج ایک مرتبہ پھر 1971 والی غفلت دہرا رہے ہیں۔ PTM ایک حقیقت ہے۔ PTM کے مطالبات سادہ ہیں۔ آپ

کے آرمی چیف نے کہا کہ ان لوگوں کے مطالبات ٹھیک ہیں، آپ کی ساری پارٹیوں نے کہا کہ ان کے مطالبات ٹھیک ہیں اور آپ کے وزیرِ اعظم نے کہا کہ ان کے مطالبات ٹھیک ہیں۔ یعنی ایک پارٹی کے پروگرام سے بھی کسی نے اتفاق نہیں کیا جبکہ PTM کے نکات سے کیا ہے۔ کہتے ہیں کہ لہجہ ٹھیک نہیں ہے۔ کیا لہجہ ISPR کا ٹھیک ہے؟ کیا لہجہ ہماری اطلاعات کی منسٹر کا ٹھیک ہے؟ کیا لہجہ ہمارے وزیرِ اعظم صاحب کا ٹھیک ہے؟ ان لوگوں نے PTM پر غیر اعلانیہ پابندی لگائی ہے۔ یہ غلط ہے۔ آپ غلط کام کر رہے ہو۔ یہاں پر خڑ کمر کا، شمالی وزیرستان کا واقعہ ہوا۔

جناب چیئر مین: عثمان صاحب! ایک منٹ۔ سپیکر قومی اسمبلی، جناب اسد قیصر صاحب باکس میں تشریف رکھتے ہیں۔ ہم انہیں سینیٹ آف پاکستان میں welcome کرتے ہیں۔

(اراکین کی طرف سے ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئر مین: جی عثمان کاکڑ صاحب۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب! خڑ کمر کا واقعہ ہوا۔ قومی اسمبلی کے دو ممبرز وہاں پر ایک دھرنے میں اظہارِ یکجہتی کے لیے جا رہے تھے۔ جب وہ خڑ کمر پہنچے، انہوں نے ہار پہنے ہوئے تھے، PTM کے ان دونوں پشتون لیڈرز پر، MNAs پر حملہ ہوا جس کے نتیجے میں ان کے 14 ساتھی شہید ہو گئے۔ اس کے علاوہ 45 کے لگ بھگ زخمی ہوئے۔ مقدمہ کس کے خلاف درج ہوا؟ محسن داوڑ اور علی وزیر کے خلاف۔ کیا یہ انصاف ہے؟ کیا ہمارا آئین اور قانون یہ کہتا ہے؟ ضیاء الحق کے دور میں، 1981 میں کوئٹہ میں بحالئ جمہوریت کے لیے محمود خان اچکزئی نے، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور جمعیت علماء اسلام نے جلوس نکالا تھا۔ اس وقت کے جنرل ڈائر جنرل رحیم الدین ہیں، فائرنگ کی گئی اور ہمارے چار ساتھیوں کو شہید کر دیا گیا۔ ان چار ساتھیوں کا مقدمہ ان لوگوں نے محمود خان اچکزئی کے خلاف درج کیا۔ آج پھر وہی ضیاء الحق کا دور آپ دہرا رہے ہو۔ لہٰذا، اس معاملے پر ایک پارلیمانی کمیشن بننا چاہیے، پھر معلوم ہو گا کہ اس میں قصور وار کون ہے۔ اس بات پر وہ لوگ نہیں آ رہے۔ PTM کہتی ہے کہ ہم آئین کے اندر سیاست کر رہے ہیں۔ چیئر مین صاحب! PTM والوں کو آپ نے بلایا، آپ نے سینیٹ کی کمیٹی بنائی، دو مرتبہ ان لوگوں کو بلایا۔ وہ لوگ آ گئے۔ کیا آپ کل سینیٹ کی کسی کمیٹی میں کسی جنرل کو بلا سکتے ہو؟ ہرگز نہیں بلا سکتے۔ Privileges Committee میں ہمارے صوبے کے IG, FC کو بلایا گیا، ربانی صاحب اس کمیٹی میں ہیں، عباسی صاحب بھی اس

کمیٹی میں ہیں، انہوں نے چار مرتبہ بلایا، وہ نہیں آئے جبکہ PTM والے حاضر ہوئے۔ کون پارلیمنٹ کو نہیں مان رہا؟ کون آئین کو نہیں مان رہا؟ کون قانون کو نہیں مان رہا؟ PTM والے تو سب کچھ مان رہے ہیں۔ للہٰذا، پشتونوں کے خلاف تعصب کی پالیسی، نفرت کی پالیسی ہمیں ہر گز قابلِ قبول نہیں ہے۔ اس پر سب پارٹیوں اور اقوام کو ہمارا ساتھ دینا ہوگا۔ یہ آپ کے فرائض میں شامل ہے۔ میں سب سے یہ گزارش کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین! قرضے کس نے لیے اور کہاں استعمال ہوئے؟ اس کی بھی چھان بین ہونی چاہیے۔ ضیاء الحق سے لے کر اب تک ان قرضوں کا حساب دیا جانا چاہیے۔ اس کے لیے بھی پارلیمانی کمیشن بننا چاہیے۔ یہ لوگ پارلیمنٹ سے اور پارلیمانی کمیشن سے کیوں خوفزدہ ہیں؟ پارلیمنٹ اس ملک کا سپریم ادارہ ہے جبکہ یہ لوگ اس سپریم ادارے کو نہیں مان رہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ابھی عدلیہ پر اور سپریم کورٹ پر حملہ شروع ہے۔ یہ کیسی حکومت ہے؟ عدلیہ کو نہیں چھوڑ رہی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے ایک جج نے سچ کہا، اس کو ایک ہفتے میں فارغ کر دیا گیا۔ جو قاعدے اور قانون کی پابندی کرتے ہیں، وہ لوگ انہیں پسند نہیں۔ ان لوگوں کو ڈوگر عدلیہ چاہیے۔ ان لوگوں کو ثاقب نثار والی عدلیہ چاہیے۔ ان لوگوں کو قاضی فائز والی عدلیہ نہیں چاہیے۔ قاضی فائز نے جرم کیا کہ 8 اگست کے کوئٹہ کے 70 وکلاء کے کیس کے حوالے سے قوم کو صحیح بات بتائی۔ اس میں چوہدری نثار involve تھا، اس کے خلاف اس رپورٹ میں بات کی گئی۔ اس رپورٹ میں انٹیلی جنس اداروں کے خلاف بات کی گئی کہ ان لوگوں نے صحیح کام نہیں کیا۔ وہاں پر جو اور ادارے تھے، ان کے خلاف اس رپورٹ میں بات کی گئی۔ اس جج نے یہ گناہ کیا۔ پھر یہاں پر فیض آباد کے دھرنے کے حوالے سے اس نے کہا کہ میں انٹیلی جنس اداروں کی رپورٹ مسترد کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے ٹھیک بات نہیں کی۔ یہ باتیں تو تمام میڈیا پر آچکی ہیں۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ جو فیڈریشن کی علامت ہے، صدر علوی صاحب، اس کے ذریعے سپریم کورٹ پر ریفرنس کی شکل میں حملہ کیا گیا ہے۔ یہ ظلم ہے۔ علوی صاحب نے ظلم کیا اور اپنے صدارتی منصب کا احترام نہیں کیا۔ للہٰذا، میں یہ کہتا ہوں، تمام جماعتوں سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ اگر قاضی فائز صاحب کے خلاف ان لوگوں نے ریفرنس منظور کیا یا اس ریفرنس کا فیصلہ آیا تو پھر علوی صاحب کے خلاف مواخذہ ہونا چاہیے۔ میں تمام parliamentarians سے گزارش

کرتا ہوں کہ صدر کے منصب کو ایک پارٹی اوراداروں کے لیے استعمال نہیں ہونا چاہیے بلکہ اسے neutral ہونا چاہیے۔ یہاں پر وہ بھی عدلیہ پر حملہ آور ہوئے۔

جناب چیئرمین! اس ملک میں سب سے بڑا ظلم یہ ہے، یہاں پر پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی، پنجابی اقوام رہتے ہیں، ہزاروں سال سے رہتے ہیں، ان کی تہذیب، تمدن، زبان، کلچر ہزاروں سال پر محیط ہے، یہ کیسی ریاست ہے کہ ایک پنجابی بچے کو پنجابی بولنا، اس کو صحیح تاریخ بتانا، اس کو تہذیب و تمدن بتانے پر کہا جاتا ہے کہ نہیں، آپ نے یہ نہیں سیکھنا ہے۔ پشتون کو اپنی تہذیب، زبان اور کلچر سے محروم رکھا گیا ہے۔ سندھیوں کو محروم رکھا گیا ہے، سرائیکیوں کو محروم رکھا گیا ہے۔ آپ نے بلوچوں کو ان کی تہذیب و تمدن، زبان اور تاریخ سے محروم رکھا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جھوٹ کی تاریخ پڑھو۔ حقیقت یہ ہے کہ پشتو زبان کو اقوام متحدہ نے تسلیم کیا ہے۔ پنجابی، سرائیکی، بلوچی اور سندھی زبانوں کو اقوامِ متحدہ نے تسلیم کیا ہے جبکہ آپ انہیں تسلیم نہیں کر رہے۔ افسوس کی بات ہے کہ سندھی زبان میں ہندوستان میں لوگ حلف لیتے ہیں، وہاں پر وہ سرکاری زبان ہے جبکہ یہاں پر نہیں ہے۔ ریاست کو چاہیے کہ ہمیں اپنے تہذیب و تمدن سے محروم نہ رکھے۔

جناب چیئرمین! یہاں پر میڈیا پر حملہ کیا گیا۔ میڈیا والے بے چارے کچھ نہیں کر سکتے۔ والٹیئر ایک مشہور فرانسیسی فلسفی ہیں، وہ کیا کہتے ہیں۔ اگر آپ جاننا چاہتے ہو کہ اصل حکمران کون ہے تو اس بات کو جاننے کی کوشش کرو کہ آپ کو کس طبقے پر تنقید کی اجازت نہیں ہے۔ ہم سب کو معلوم ہے کہ ہم کس پر تنقید نہیں کر سکتے۔ ہم سب کو معلوم ہے، بائیس کروڑ عوام کو معلوم ہے کہ میڈیا پر اس طبقے کے خلاف ایک لفظ نہیں آسکتا۔ کیا یہ میڈیا ہے؟ کیا یہ آپ کی ریاست ہے؟ کیا آپ ہندوستان کا مقابلہ کروگے؟ آپ کسی بھی ملک کا مقابلہ نہیں کر سکتے کیونکہ آپ کا محاذ دشمنوں کے خلاف نہیں ہے بلکہ اپنے عوام کے خلاف ہے۔ ہماری اسٹیبلشمنٹ نے بہتّر سالوں سے محاذ اپنے عوام کے خلاف کھولا ہوا ہے۔ آپ یہ جنگ نہیں جیت سکتے، نہ باہر جیت سکتے ہو اور نہ عوام سے سے جیت سکتے ہو۔ دنیا کا یہ قانون ہے، history اٹھالیں، جب فوج اور عوام آمنے سامنے ہوئے ہیں، شکست فوج کا مقدر ہوئی ہے۔ یہ دنیا کی history ہے، اگر میں غلط کہہ رہا ہوں تو کوئی مجھے بتائے۔ عوام سے مت لڑیں، دشمنوں سے لڑیں، democratic parties سے مت لڑیں، دہشت گردوں سے لڑیں، نہیں! دہشت گرد ہمارے بھائی ہیں اور عوام ہمارے دشمن ہیں، اپوزیشن ہماری دشمن ہے، اس policy کو

چھوڑ دینا چاہیے جو انہوں نے روا رکھی ہے۔ پشتونوں کے خلاف فوج کشی ہو رہی ہے، پشتونوں کی نسل کشی ہو رہی ہے، کم و بیش ستر ہزار لوگ فاٹا اور خیبر پختونخوا میں شہید ہو چکے ہیں۔ اس کے باوجود ہم دہشت گرد ہیں، اس کے باوجود ہم ٹھیک نہیں ہیں، دس دنوں سے شمالی وزیرستان میں کرفیو لگا ہوا ہے۔ کہاں ہے وزیراعلیٰ؟ کہاں ہے سپریم کورٹ جو *suo motu* notice لیتی ہے؟ وہاں بچے تکلیف میں ہیں، عوام تکلیف میں ہیں، کوئی کچھ نہیں کہتا۔ جناب والا! یہاں سپیکر صاحب آئے ہیں، میں ان سے بہت معذرت کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں، یہ ہمارے مہمان ہیں، علی وزیر اور محسن داوڑ کے production orders جاری نہیں کیے۔۔

جناب چیئرمین: عثمان خان کاکڑ صاحب! آپ gallery کو refer نہیں کر سکتے۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب والا! میں معذرت چاہتا ہوں اور اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔ میں نے اس وجہ سے کہا اگر یہ نہ ہوتے تو میں کچھ اور بولتا، اس لیے میں نے معذرت کا کہا، میں تو سامنے بات کرتا ہوں۔ جناب والا! محسن داوڑ اور علی وزیر کے production orders جاری کرنے چاہییں۔ یہ پارلیمنٹ کی توہین ہے، قانون کی توہین ہے۔

جناب چیئرمین: یہ دوسرے ایوان کے ممبران کی بات ہے، آپ بجٹ پر آئیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب والا! یہاں controlled Parliament ہے، controlled democracy ہے، controlled media ہے۔ میں آئین کے حوالے سے کہتا ہوں کہ غیر اعلانیہ مارشل لاء ہے، آئین کے بعض Articles معطل ہوئے ہیں، خاص طور پر انسانی حقوق کی پامالی میں ہم دنیا میں number one پر ہیں۔ ہم اتنے کیوں گرے ہوئے ہیں؟ ہم اپنی ریاست کو یہاں تک لے کر جا رہے ہیں؟ جب بھی پاکستان کے حوالے سے بات ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ چھوڑیں انہیں، یہ بھی کوئی لوگ ہیں، یہاں بھی آئین ہے، یہاں بھی ادارے ہیں۔ جناب والا! ہم ساری دنیا کے قرض دار ہیں لیکن امریکہ ہمارا قرض دار ہے، یہ عجیب بات ہے۔ امریکہ پر ہمارا کم از کم ہزاروں ارب ڈالر بنتے ہیں، وہ کس طرح ہیں؟ ہم نے فاٹا میں operation کیا، ستر ہزار پختونوں کا ہم نے خون بہایا اور وہ ہمیں Coalition Support Fund کے پیسے نہیں دے رہے، یہ بھی کوئی طریقہ ہے؟ پھر بھی پشتون عجیب لوگ ہیں، کمال کے لوگ ہیں۔

جناب چیئرمین! مہنگائی کا تو بالکل کوئی حساب کتاب نہیں ہے، میں اس کے بارے میں کیا بتاؤں۔ آپ اپنے گھر کا جو سودا پہلے ہزار روپے کا لاتے تھے، اب دو ہزار روپے میں لا رہے ہیں۔ چینی، گھی، آٹا، کرائے، بجلی، گیس، سب کچھ مہنگا ہو گیا ہے، یہاں خون سستا ہے اور خاص طور پر پشتونوں کا خون۔ جناب والا! پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ہمارے ساتھیوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے، PTM کے ساتھیوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پانچ سو سے زیادہ ہمارے اور PTM کے کارکنان پر مقدمات ہیں، مجھ سمیت لوگوں پر مقدمہ ہے کہ آپ نے جلسہ کیوں کیا ہے، آپ نے خڑ کمر کی کیوں مذمت کی۔ ہمارے ہزاروں کارکنان کو intelligence agencies کی طرف سے messages and telephone آتے ہیں، یہ پارٹی چھوڑ دیں، یہ کام چھوڑ دیں ورنہ تمہارا گھر محفوظ ہوگا اور نہ تم۔ جناب والا! یہ بربریت نہیں ہونی چاہیے، یہ ظلم نہیں ہونا چاہیے، اس کے خلاف تمام پارٹیوں کو اٹھ کھڑا ہونا چاہیے۔

جناب والا! یہاں ریاستِ مدینہ کی بات ہو رہی ہے، خدا کے لیے پیغمبر ﷺ نے کیا کیا ہے جو انہیں بدنام کر رہے ہیں۔ موجودہ ریاستِ مدینہ اور موجودہ حکومت کا واحد ایک support ہے جبکہ بائیس کروڑ عوام اس کے خلاف ہیں، مولانا طارق جمیل صاحب اس حکومت کے واحد support ہیں کہ یہ ریاستِ مدینہ ہے۔ ریاستِ مدینہ یہ ہے دس سالہ فرشتہ کے ساتھ۔۔۔

جناب چیئرمین: عثمان کاکڑ صاحب! wind up کر لیں، بہت وقت ہو گیا ہے۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: ریاستِ مدینہ میں ساہیوال جیسے واقعات، ریاستِ مدینہ میں مہمند ایجنسی میں جو زیبا مہمند کے ساتھ ہوا، خیسور میں ایک ماں کے ساتھ جو ہوا، ریاست مدینہ میں یہ طریقہ ہے؟ آپ ریاستِ مدینہ میں ظلم کرتے ہیں، اسے بغیر قانون کے سزا دیا کریں، ریاستِ مدینہ میں یہ نہیں تھا۔ مولانا طارق جمیل صاحب! آپ مہربانی کریں، ان لوگوں نے بھی اب سیاست شروع کی ہے، ہم حیران ہیں، آپ پارٹی بنالیں پھر بالکل سیاست کریں۔ جناب والا! میں اب بجٹ کی طرف آؤں گا۔

جناب چیئرمین: آپ اب بجٹ پر آرہے ہیں؟

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جی بالکل۔

جناب چیئرمین: عثمان صاحب! ستائیس منٹ ہو گئے ہیں، جلدی کریں۔ آپ روز بجٹ پر بولتے ہیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب والا! سال میں ایک مرتبہ آتے ہیں۔ گزشتہ سال 2018-19 کا بجٹ 5932 billion کا تھا۔ ان لوگوں نے target رکھا تھا کہ ہماری آمدنی 3070 ارب روپے ہو گی لیکن ایک سال میں یہ لوگ ناکام ہوئے۔ 2569 ارب روپے کا ان لوگوں نے کیا، یہ لوگ اتنی decrease پر آگئے، 16.3% decrease پر آگئے اور expenditure 6000 billion سے زیادہ ہیں۔ ابھی موجودہ بجٹ کو دیکھ لیں، روپے کی قدر 25% کم ہوئی اور یہ تقریباً Rs. 39 decrease ہوا۔ اس ملک کے ساتھ اس سے زیادہ اور کیا ظلم ہو سکتا ہے؟ GDP growth 6.2% target رکھا گیا تھا، 3.29% حاصل ہوا۔ زراعت کی شرح نمو 3.8% رکھی گئی تھی، ان لوگوں نے 85%. حاصل کیا۔ صنعت کے لیے 7.6% target رکھا گیا تھا، 1.4% حاصل کیا گیا۔ Services پر 6.5% target رکھا گیا جبکہ 4.7% حاصل کیا گیا۔ Large scale manufacturing factories 2% سکڑ گئی ہیں۔ Stock Market کی تو آپ بات ہی نہ کریں۔ اخراجات میں 8.7% اضافہ ہوا۔ نوٹوں کی مسلسل چھپائی، ترقیاتی بجٹ میں مسلسل کٹوتی۔ عوام پر بالواسطہ ٹیکس مسلسل لاگو کرنا۔ تیل، گیس، بجلی ہر مہینے مہنگا کرنا، یہ ان لوگوں کا کمالِ مہارت ہے۔

جناب والا! 3000 ارب روپے قرض تو یہ لوگ مان رہے ہیں، جب ڈالر ایک روپیہ مہنگا ہوتا ہے تو ایک ہزار روپے قرض میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ان لوگوں نے روپے کو 26% decrease کیا ہے، 2600 ارب روپے کے تو یہ قرض ہیں، یہ کوئی تین ہزار نہیں ہیں، 5600 ارب روپے کا ان لوگوں نے اس ملک کو قرض دار کر دیا، آگے آپ دیکھیں گے۔

جناب والا! تجارتی خسارہ بہت زیادہ ہو گیا ہے۔ ان لوگوں نے Economic Survey پیش کیا ہے لیکن مجموعی طور پر 20% سے زیادہ مہنگائی ہو چکی ہے۔ بیرونی سرمایہ کاری 52% کم ہو چکی ہے۔ یہ لوگ سارے TV channels پر ڈیم بنانے کا جو ڈھول پیٹ رہے تھے، ثاقب نثار صاحب، وزیراعظم صاحب، صرف دس ارب روپے جمع ہوئے جبکہ انہوں نے اشتہارات پر تیرہ ارب روپے خرچ کیے۔ ان لوگوں کی publicity ہو گئی اور پاکستان کی بدنامی

ہوئی، آپ ملک کی بدنامی چاہتے ہیں اور اپنی publicity چاہتے ہیں، کرتے رہیں، ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب! wind up کرلیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب والا! موجودہ بجٹ7000ارب روپے کا ہے جس میں تاریخی خسارہ 3151ارب روپے ہے۔ اس میں دو مدائت میں سارے پیسے جاتے ہیں، 1150ارب روپے فوج،1095قرضوں کی ادائیگی، 2891ارب روپے سود کی ادائیگی،5134ارب روپے کا بجٹ ختم۔ اب ملک آئندہ ایک سال کے لیے عالمی مالیاتی، استعماری اداروں کے رحم و کرم پر ہو گا۔ جناب والا! ترقیاتی بجٹ کے لیے انہوں نے 700 ارب روپے رکھے ہیں۔ تعلیم کے لیے پچھلی حکومت نے تقریباً97ارب روپے رکھے تھے، موجودہ حکومت نے صرف اور صرفHEC کے لیے 29ارب روپے رکھے ہیں۔ ان لوگوں نے گزشتہ سالHEC کی مد میں27ارب روپے کی کٹوتی کی تھی۔ صحت کے لیے صرف13ارب روپے ہیں۔ نجکاری 150ارب روپے کے لیے کریں گے۔ سب سے خطرناک بات یہ ہے کہ ملک برائے فروخت کے نتیجے میں یہ آئندہ سال کے لیے10000ارب روپے بھی جمع کر سکتے ہیں، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ آئندہ سال کے لیے ملک برائے فروخت کے نتیجے میں دس ہزار ارب روپے بھی جمع کر سکتے ہیں۔ یہ ادارہ برائے فروخت، یہ ادارہ برائے فروخت، یہ ادارہ برائے فروخت۔ جب PTI یہاں پر اپوزیشن میں تھی، privatization کے خلاف تھی اور اب ان لوگوں نے IMF سے یہ معاہدہ کیا ہے، سودے بازی کی ہے کہ ملک برائے فروخت رکھیں گے، آئیں عالمی ادارے آئیں، ہمارے ملک کو فروخت کردیں، خرید لو اس ملک کو۔

جناب چیئرمین! یہاں پر ان لوگوں نے total projects جو کہ گزشتہ حکومت نے 1283 رکھے تھے، جس میں534 new projects تھے، بلوچستان میں ٹوٹل175 تھے۔۔۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب wind up کریں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! میں آپ سے گزارش کروں گا کہ صرف پانچ منٹ دیں۔ اس موجودہ بجٹ میں 1007 total projects ہیں، 300 projects کم کر دیے گئے ہیں، 337 new projects ہیں۔ کیا یہ ظلم نہیں ہے؟ بلوچستان میں ٹوٹل صرف

135 ہیں اور 44 نہیں ہوئے ہیں، پہلے projects 84 تھے اوراس بجٹ میں 44 ہیں اور پھر خاص کر وہاں پر بلوچستان میں بھی پشتون بیلٹ کو نظر انداز کر دیا گیا ہے اور یہاں پر روڈ کے لیے لوگوں نے 156 ارب روپے رکھے ہیں، مگر ہمیں صرف 15 ارب روپے دیے گئے ہیں۔ Routes بھی وہاں ہیں، گوادر بھی وہاں ہے، CPEC بھی وہاں ہے، سب کچھ وہاں ہے۔ یہ ہمارے صوبے کے ساتھ زیادتی ہے، آپ کو اور باقی سب کو ہمارا ساتھ دینا ہوگا۔ Finance Department میں 136 ارب روپے رکھے گئے ہیں، بلوچستان کو صرف 3 ارب روپے دیے گئے ہیں۔ یہ ظلم ہے۔ میں آپ کو یہ بتا دوں، آپ وقت کی وجہ سے ناراض نہ ہوں Power sector میں 74 ارب روپے رکھے ہیں، ہمیں کیا دیا گیا ہے؟ صرف اور صرف دس ارب روپے دیے ہیں جو کہ 44 فیصد پاکستان ہے، آپ نے ہمیں کیا دیا ہے؟ Road اور CPEC میں ایک روپیہ بھی غربی روٹ پر نہیں لگایا ہے۔ سابقہ حکومت نے بھی CPEC projects میں ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے، موجودہ حکومت بھی کر رہی ہے۔ یہ دونوں حکومتیں اس میں خاص کر ہمارے ساتھ ظلم کر رہی ہیں۔

جناب چیئرمین! میں ابھی یہاں پر ایک اہم نکتے پر آرہا ہوں۔

جناب چیئرمین: ابھی اہم رہ گیا ہے؟

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: بہت رہ گیا ہے۔ میں Less Developed Areas Committee کا چیئرمین ہوں جو کہ اس ملک کا area 77% ہے اور less developed areas پاکستان کو resources 95% دے رہے ہیں۔ آئل، گیس، سمندر، گلیشیرز، پانی، دریا، گولڈ، کاپر، مائنز، جنگلات یہ سب کچھ less developed areas دے رہے ہیں۔ آپ ان حکمرانوں سے پوچھ لیں کہ آپ نے less developed areas کے لیے کتنا بجٹ رکھا ہے؟ 60, 70 فیصد بجٹ developed areas کو دیا گیا ہے جبکہ 30 فیصد less developed areas کو دیا گیا ہے، less developed areas جہاں پر لوگ دوزخ میں رہ رہے ہیں۔ جہاں پر خزانے ہیں، وہ لوگ دوزخ میں رہ رہے ہیں---

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب! پانچ منٹ بھی گزر گئے۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جہاں پر کچھ بھی نہیں ہے، وہ لوگ جنت میں رہ رہے ہیں۔ میں less developed areas کے لوگوں سے اپیل کر رہا ہوں کہ انہیں ووٹ نہ دیں، less developed areas کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ سندھ کے less developed areas، پنجاب کے less developed areas، بلوچستان تو سارا ہی less developed area ہے اور Khyber Pakhtunkhwa کو، ان لوگوں نے سب less developed areas کو نظر انداز کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب wind up کریں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! اس ملک میں direct tax کتنے فیصد ہے؟ آپ حیران ہوں گے کہ اس ملک میں direct tax صرف اور صرف 33% ہے جو کہ سرمایہ دار، جاگیر دار، traders, bankers ان لوگوں سے وصول ہونا چاہیے تھا، وہ صرف 33% ہے اور indirect taxes جو کہ غریب عوام دیتی ہے وہ 62% ہے۔ پتی، بجلی، گیس، آٹے اور ہر چیز پر وہی ٹیکس دیا جاتا ہے جو ایک غریب بھی دیتا ہے۔ حالانکہ direct tax کم از کم 70% ہونا چاہیے، indirect tax 30% ہونا چاہیے، یہاں پر غریب عوام سے وصول کر رہے ہیں، جو billionaires ہیں یہ ان سے وصول ہی نہیں کرنا چاہتے ہیں۔ NCHD کے اساتذہ کی تنخواہ کتنی ہے، آٹھ ہزار ہے۔

جناب چیئرمین ! یہ وہ NCHD ہے جو ان سارے صوبوں میں کام کر رہا ہے جہاں پر صوبائی حکومتوں کی نہ تو گورنمنٹ جاتی ہے اور نہ اساتذہ جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ سینیٹر صاحب! آپ کی بہت مہربانی۔ سینیٹر صاحب بہت وقت ہو گیا، آپ کے باقی ساتھی بھی بولنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین! میں عرض کر رہا ہوں کہ آپ انڈیا کے ساتھ جا کر مذاکرات کر رہے ہیں، آئیں کوئی مذاکرات آکر فاٹا والوں کے ساتھ بھی کر لیں، فاٹا والوں کو بھی آکر اپنے سینے کے ساتھ لگا لیں، مگر جناب! یہ لوگ نہیں لگانا چاہتے۔ آپ کی اجازت ہو تو میں آخر میں ایک شعر پڑھ لوں؟ ایک مشہور شعر ہے، وہ پشتو میں کہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: پشتو کی اجازت نہیں ہے آپ اردو میں بولیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: میں پھر اردو میں ترجمہ کروں گا۔

(پشتو اشعار)

جناب چیئرمین: National languageمیں بولیں، regional language میں نہ بولیں۔

سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ: جناب چیئرمین ! وہ کیا کہہ رہا ہے، وہ کہتا ہے؛

خون کو پانی کہو، اگر یہاں جینا ہے

کھری کھری نہ کہو، اگر یہاں جینا ہے

کفر کو سرے سے کفر ہی نہ کہو

مردے کو سویا ہوا کہو، اگر یہاں جینا ہے

وقت سے پہلے اپنی جان نہ لو منیر

ہر برائی کو اچھائی کہو، اگر یہاں جینا ہے

ابھی تو ہم ہر برائی کو اچھائی نہیں کہہ سکتے، مردے کو سویا ہوا نہیں کہہ سکتے اور ہم خون کو پانی بھی نہیں کہہ سکتے۔ آپ چاہے ہمیں جو بھی سزا دے دیں ہم اس کے لیے تیار ہیں مگر ہم سے یہ توقع نہ رکھیں کہ ہم جھوٹ کو سچ کہیں گے، ظلم کو ہم رحمت نہیں کہہ سکتے، یہ سب کچھ ہم نہیں کر سکتے۔ جناب چیئرمین !آپ کی بہت مہربانی، پھر بھی میرے پانچ منٹ رہ گئے۔

Mr. Chairman: Thank you. Senator Mushtaq Sahib.

نہیں ہم کریں گے لیکن وہ قرارداد جو قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کی ہے پہلے اسے move کریں۔

سینیٹر مشتاق احمد: کل میں نے ایک resolution move کی ہے میں یہ چاہتا ہوں کہ rules suspend کیے جائیں اور میں وہ resolution پیش کروں۔

جناب چیئرمین: جی move کریں۔

## Motion under Rule 263 moved by Senator Mushtaq Ahmedfor dispensation of rules

Senator Mushtaq Ahmed: Thank you Mr. Chairman! I, alongwith the Leader of House and

Opposition, beg to move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of Rule 25, 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with in order to enable the House to pass a Resolution.

Mr. Chairman: It has been moved that under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirements of Rule 25, 26, 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with to enable the House to pass a Resolution.

*(The motion was adopted)*

Mr. Chairman: Senator Mushtaq Sahib! move the Resolution.

## Resolution moved by Senator Mushtaq Ahmedregarding the tragic death of Muhammad Mursi, the former President of Arab Republic of Egypt during the trial

Senator Mushtaq Ahmed: Mr. Chairman! thank you for giving me the honour to present this Resolution in this August House. The Senate of Pakistan shows its deep sorrow and shock at the tragic death of Muhammad Mursi, the Former President of Arab Republic of Egypt during the trial. The struggle and sacrifices of Muhammad Mursi for the cause of democracy, parliamentary supremacy, constitutionalism, civilian supremacy, rule of law, justice and fundamental rights will not go in vain and shall be recognized by all the democratic people around the world in general and the future generations in Egypt in particular. Muhammad Mursi symbolized the strength and resilience of all the

civilized people and their commitment to democracy, constitutionalism, civilian supremacy and rule of law. The Senate of Pakistan lauds the courage and perseverance of Muhammad Mursi against oppression, tyranny and persecution. His struggle is reminiscent of the struggle of some of the great leaders, including those from Pakistan, who suffered all sorts of hardships but did not surrender before dictators and oppressive regimes. Mursi was indeed a star of the Arab revolution and his supreme sacrifice shall serve as a beacon of light for those who stand for the ideals of civilized life against brute force and dictatorship. While expressing dismay and disappointment at the general world apathy towards the sufferings of Muhammad Mursi and other political prisoners, the Senate also endorsed the observations and demand of the Human Rights Watch which has called for an independent judicial inquiry into the circumstances that led to the tragic death of the former President of Egypt Muhammad Mursi.

The Senate also urged upon the Government of Pakistan to take this as an opportunity and initiate the creation of a League of Democratic States to support democratic governments against the adventures of dictators and other non-elected forces.

The Senate also urged the Government of Pakistan to approach the Government of Egypt, and where necessary, other Islamic states to secure fair trial of those under trial in Egypt and for fair treatment of the political prisoners in deference to United Nations Declaration of Human Rights (UNDHR), United Nations Charter, the

OIC's Universal Islamic Declaration of Human Rights (1981) and Cairo Declaration of Human Rights in Islam (1990). Thank you, Mr. Chairman.

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The resolution is passed. Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq Sahib.

**<u>Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq, Leader of the Opposition</u>**

سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق (قائد حزب اختلاف): شکریہ، جناب چیئرمین! میں نہ صرف اس resolutionکی حمایت کرتا ہوں بلکہ انتہائی دکھ کے ساتھ یہ اظہار بھی کرنا چاہتا ہوں کہ اسلامی دنیا میں بہت کم ممالک ایسے رہ گئے ہیں جن میں جمہوریت ہے۔ جمہوری سسٹم یا Arab springکے بارے میں مغربی دنیا نے یہ کہا تھا کہ یہ بالکل بدل جائے گا، ایسیrevolutionآئے گی کہ عوامی حکومتیں ان علاقوں میں قائم ہوں گی لیکن جب وہاں پر الیکشن ہوئے اور ایسے لوگ آگئے جنہوں نے اسلام اورindependenceکا نام لیا تو انہوں نے کہا کہ ہمیں اسrevolutionکا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ ہم اس کوsupportنہیں کریں گے کیونکہ یہ تو اسلام کا نام لیتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بہت اچھا موقع تھا ایک انعام کے طور پر تقریباً دو سال تک مجھے مصر کے اندر پاکستان کی سفارت کا موقع ملا۔ میں نے خود وہاں پر محسوس کیا کہ عام مصری لوگ پاکستان کے ساتھ بے حد محبت کرتے ہیں اور وہ بڑے سچے اور سیدھے سادے مسلمان ہیں اور ان کے معاشرے میں اس قسم کی تقسیم نہیں ہے جو ہمارے ملک کے اندر موجود ہے۔ وہاں پر الازھر جیسا ہزار سال پرانا ادارہ قائم ہے جس کی دنیا بھر میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ مجھے مرسی صاحب سے وہاں پر ملنے کا بھی اتفاق ہوا۔ میں نے ان کو ایک اچھا اور سچا مسلمان پایا۔ انہوں نے اپنی کابینہ کے اندر وہاں پر جو دس فیصد عیسائی بستے ہیں ان میں سے ایک پڑھی لکھی خاتون کوVice President اپنے ساتھ رکھا۔ اس لحاظ سے وہ کھلے ذہن اور ایکdemocratic processسے آئے ہوئے راہنما تھے۔ میں اس وقت بھی وہاں پر تھا جب ان سے پہلے جو مرشد عام تھے ان کی جب وفات ہوئی تو انہوں نے بھی کوئی 26 ,25سال جیل میں گزارے تھے۔ ان کا کوئی اور قصور نہیں تھا ماسوائے اس

بات کے کہ وہ بھی اسلام کا نام لیتے تھے اور ان کی پارٹی کے اندر ججز اور انجینیئرز تھے۔ یوں بھی مصر کے اندر ایک بڑی تعداد پڑھے لکھے لوگوں کی ہے۔ دنیا میں ایک واحد ملک ہے جو Afro-Asian ہے۔ کوئی 6فیصدی علاقہ Asia میں ہے اور باقی علاقہ افریقہ میں ہے۔ وہ ایک gateway to Africa ہے۔ اس لیے اس کی بڑی اہمیت ہے۔ خود پاکستان کے لیے میں نے محسوس کیا ہے پاکستان کے مصر کے ساتھ جتنے بھی اچھے تعلقات ہوں گے وہ دونوں ممالک کے لیے اور اسلامی دنیا کے لیے بہت اہم ہیں۔ اس لیے میں اس سانحے پر افسوس کرتا ہوں اور میری خواہش یہ تھی کہ یہ resolution میں خود پیش کروں لیکن مشتاق صاحب نے چونکہ اس کے لیے بنیادی محنت کی ہوئی تھی اور یہ ان کا حق بھی بنتا ہے تو اس لیے میں نے ان سے یہی کہا کہ آپ پیش کریں میں اس کی حمایت کروں گا۔ اس ہاؤس کو نہ صرف تعزیت کرنی چاہیے بلکہ جو سانحہ ہوا ہے اس کی مذمت بھی کرنی چاہیے۔

جناب چیئرمین: سینیٹر مولانا فیض محمد صاحب! اگر مرسی صاحب کے لیے دعا کریں۔

(فاتحہ خوانی کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر عطاء الرحمٰن صاحب۔

## Further Discussion on the Finance Bill, 2019

### Senator Atta Ur Rehman

سینیٹر عطاء الرحمٰن: جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے ایک مرتبہ پھر مجھے اپنی گفتگو مکمل کرنے کا موقع دیا ہے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج ہمارے پاس ہمارے Leader of the House اور تحریک انصاف کے سینیٹر حضرات آئے تھے اور یہ کہا تھا کہ ہم علاقائی روایات کے مطابق آپ کے پاس جرگہ لے کر آئے ہیں اور ہم ماحول کو ٹھیک کرنا چاہتے ہیں۔ میں نے کہا کہ ہم بھی ماحول کو ٹھیک کرنا چاہتے ہیں لیکن یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ سینیٹ کے ماحول کو درست کریں گے تو ہم تعاون کریں گے اور اگر آپ ہم سے اس طرح کا رویہ اختیار کریں گے تو پھر ہماری ذمہ داری نہیں ہے اور ہم تعاون نہیں کریں گے۔ لیکن بہرکیف ہم نے اپنے ساتھیوں سے بھی مشاورت کی اور اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر پارلیمنٹ کے اندر میں صحابہ کرام کے ناموس کے تحفظ کی بات نہیں کر سکتا تو میں کہاں کروں گا۔ مجھے اپنی پارٹی اور چاہنے والوں نے

کیوں یہاں پر بھیجا ہے۔ میں نے ان سے گزارش کی ہے کہ میں ہر صورت میں ناموس صحابہ کے تحفظ کے لیے بات کروں گا۔ مجھے منع کیا گیا ہے کہ آپ نے ہمارے متعلق کچھ نہیں کہنا ہے۔ میں ان کے متعلق کچھ نہیں کہتا لیکن کسی کا نام لیے بغیر میں یہ کہوں گا کہ اگر ملک کا ایک ذمہ دار شخص اس طرح کی گفتگو کرے گا تو مسلمان کے جذبات اٹھیں گے مسلمانوں کی ایمان کو challenge کیا جائے گا تو لوگوں کے جذبات اٹھیں گے۔ میں نے تو وہ جذبات نہیں دکھائے جو عوام میں ہیں۔ آج صحابہ کرام کی وجہ سے امت مسلمہ کی جو دل آزاری ہوئی ہے، پاکستان میں بسنے والے مسلمانوں کی جو دل آزاری ہوئی ہے اگر اس پر پاکستان کا ذمہ دار شخص معافی نہیں مانگتا۔ وہ قوم کے سامنے surrender نہیں کرتا تو پھر ہم سے یہ توقع رکھنا کہ ہم کسی کے متعلق یہاں کوئی بات ہی نہیں کریں گے۔ میں ہر صورت میں صحابہ کو یہاں defend کروں گا۔ مجھے صحابہ کرام اور اپنے دین کو defend کرنے سے روکنا، یہ میرے اس ایوان کی روایت نہیں ہے کہ آپ خاص طور پر بجٹ کی تقریر میں کسی شخص کو یہ کہیں کہ آپ بات نہیں کریں گے، ہم نہیں کرنے دیں گے، میرے خیال میں یہ زیادتی ہے۔ میں صحابہ کرام سے متعلق جن کو یہ کہا گیا یہ ڈرپوک تھے، ان سے متعلق قرآن مجید کیا کہتا ہے، ان سے متعلق جناب رسول اللہ ﷺ نے کیا کہا اور ان لوگوں کو جن کی طرف انہوں نے اشارہ کیا ہے کہ یہ لوگ نہیں گئے، اس کی وجوہات کیا تھیں۔

دیکھیں مدینہ منورہ میں صحابہ کرام کے ساتھ ساتھ وہ لوگ بھی آباد تھے جو لوگ منافق تھے اور انہوں نے بظاہر کلمہ پڑھا ہوا تھا، بظاہر وہ اپنے آپ کو مسلمان کہتے تھے لیکن اس کے باوجود وہ جناب رسول ﷺ کا ساتھ دینے کے لئے تیار نہیں تھے۔ انہوں نے مختلف بہانے کیے۔ وہ رہے مدینہ میں لیکن وہ لوگ منافقین تھے۔ چند صحابہ کرام جن کی اپنی کچھ گھریلو مجبوریاں تھیں ان کے متعلق یہ کہنا کہ وہ ڈرپوک تھے، یہ تو زیادتی ہے۔

میں عرض کروں گا، یہ اسلام کے سب سے پہلا غزوہ، جو غزوہ بدر ہوا تھا، اس میں صحابہ کرام کی بہادری اور شجاعت کا قرآن گواہ ہے۔ قرآن نے ان لوگوں کی تعریف کی ہے، قرآن ان کی بہادری کی گواہی دیتا ہے۔ جناب رسول ﷺ نے حضرت جبرائیل سے پوچھا کہ بدر کے صحابہ کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟ اہل بدر کے متعلق تم کیا کہتے ہو؟ تو حضرت جبرائیل نے فرمایا کہ مسلمانوں میں سب زیادہ جو مقام اہل بدر کو حاصل ہے وہ کسی دوسرے مسلمان کو حاصل نہیں ہے۔

وہ فرشتے جو بدر میں مسلمانوں کے ساتھ شریک ہوئے ، فرشتوں میں جو مقام ان کو حاصل ہے وہ دوسرے ملائیکہ کو حاصل نہیں ہے ۔ تو ہمارا قرآن، ہماری احادیث ان کی بہادری کے قصے سنائیں اور قرآن مجید میں یہاں تک کہا گیا کہ اگر تم بیس لوگ بھی نکلو گے تو تم دو سو لوگوں پر بھاری ہو گے۔ اگر سو نکلو گے تو تم ہزار لوگوں پر بھاری ہو جاؤ گے۔ وہاں تین سو تیرہ صحابہ کرام نکلے ہیں اور جو نہیں نکلے، جن کی کچھ مجبوریاں تھیں، جس کے گھر میں کوئی بیمار تھا، جن کو حضور ﷺ نے حکم دیا کہ یہاں رہو تو مال غنیمت میں ان کا حصہ رکھا۔

صحابہ کرام کے متعلق کیسے کہا گیا کہ وہ اس لئے رہ گئے کہ وہ ڈرپوک تھے ۔ ایک صحابی جو چلتے ہوئے راستے میں گرے اور ہڈی ٹوٹ گئی حضور ﷺ نے فرمایا کہ تم واپس جاؤ، ان کو کہا گیا کہ وہ ڈرپوک تھا، وہ نہیں گیا۔ تو میں گزارش کروں کہ ایسی کوئی صورت حال صحابہ میں نہیں تھی بلکہ جو صحابہء کرام رہ گئے کیونکہ بدر کا واقعہ اچانک ہوا، صحابہء کرام پر یہ جنگ اچانک مسلط کر دی گئی اور جو صحابہء کرام اس وقت کسی مجبوری کی وجہ سے نہیں نکل سکے ان کا غزوہ احد میں اسرار تھا، بہت سارے صحابہء کرام کی رائے تھی، خود حضور ﷺ کی رائے تھی کہ مدینہ کے اندر بیٹھ کر ان کا مقابلہ کیا جائے لیکن وہ صحابہء کرام جو غزوہ بدر میں شریک نہ ہو سکے ان کا اسرار تھا کہ ہم ہر صورت میں باہر نکل کر ان کا مقابلہ کریں گے، ان سے متعلق یہ کہتے ہیں کہ وہ ڈرپوک تھے۔

وہ نوجوان بچے معاذ اور معوذ جن میں سے ایک بھائی کو حضور ﷺ نے اجازت دی اور دوسرے سے کہا کہ تمہاری عمر کم ہے پھر اس چھوٹے بھائی نے کہا کہ یہ تو طاقت میں مجھ سے کمزور ہے، آپ نے بڑے کو اجازت دے دی، میری اس سے کشتی کرائیں۔ حضور ﷺ نے ان کی کشتی کرائی اور چھوٹے بھائی نے بڑے کے کان میں کہا کہ تمہیں تو اجازت مل چکی ہے، میں تمہیں گرانا چاہتا ہوں تاکہ مجھے بھی اجازت ملے۔ یہ جذبہ ایک نوجوان بچے کا ہے۔ ان صحابہء کرام کے متعلق یہ کہنا کہ یہ بزدل تھے ۔ اب ہمیں کہتے ہیں کہ اس پر بھی آپ نے بات نہیں کرنی، نام نہیں لینا تو ہم تو پہلے بھی کہتے ہیں، وہ ایک مولوی صاحب نے مسئلہ بیان کیا کہ کوئی خاتون اپنے خاوند کا نام نہیں لے سکتی اور ایک خاتون نماز پڑھ رہی تھی اور اس کے خاوند کا نام رحمت اللہ تھا، جب سلام پھیرنے کا وقت آیا تو خاتون نے کہا السلام علیکم ننّے دا ابّا۔ اب نام نہیں لینا تھا۔ ہمیں بھی کہتے ہیں کہ کسی کا نام نہیں لو۔ ہم نام نہیں لیتے لیکن اگر صحابہء کرام کی عزت اور ناموس کو چیلنج کیا جائے گا تو مجھے وہ floor بتادیں

کہ کس floor پر آ کر میں اپنے صحابہ کا تحفظ کرسکوں۔ مجھے یہاں روکوگے، میں تو چوک پر جا کر بات کروں گا۔ تم تو کہتے ہو کہ بات نہیں کروگے، میں اپنا خون صحابہ پر قربان کرنے کے لئے تیار ہوں۔ میں اپنی اولاداور اپنے بچوں کو صحابہ کی ناموس پر قربان کرنے کے لئے تیار ہوں۔ یہ کیا لوگ ہیں۔ ہمیں کس چیز سے منع کرنا چاہتے ہیں ، ہمیں کس سمت دھکیلنا چاہتے ہیں ۔ وہ صحابہء کرام جن کی گواہی قرآن دیتا ہے ان کے متعلق اگر اس ملک کا بڑا اس طرح کی گفتگو کرے گا، میں نام نہیں لیتا، اس طرح کی گفتگو کرے گا تو کیا مسلمانوں کے جذبات کو آپ کنٹرول کرسکیں گے ؟ عطاء الرحمٰن کو تو یہاں روک دیا جائے گا لیکن کل قوم کو کیا جواب دوگے ؟

صرف یہاں تک محدود نہیں ہے، ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا میں اگر ہمارے سپیکر صاحب بیٹھے ہوتے تو میں ان کے سامنے بھی کہتا، ہمارے خیبر پختونخوا کی نویں جماعت کی دینیات کی کتاب میں سورہ انفال کا جو ترجمہ کیا گیا ہے اس میں مال غنیمت کا جہاں ذکر آتا ہے 'انما غنمتم'، وہاں اس کا معنی انہوں نے لوٹ مار لکھا ہے۔ ہمارے نوجوانوں کی کس طرح کی ذہن سازی کی جارہی ہے؟ لاہور ٹیکسٹ بک بورڈ پنجاب کا، اسی سورت انفال میں 'انما غنمتم' کا معنی مال غنیمت کیا گیا ہے لیکن میرے صوبہ خیبر پختونخوا کا ٹیکسٹ بک بورڈ نویں جماعت کی دینیات میں قرآن مجید کا ترجمہ لوٹ مار لکھا گیا ہے اور یہ لوٹ مار کا معنی صرف میرے ملک کے بڑے نے نہیں کیا اس کا ترجمہ یا قادیانیوں نے کیا ہے یا یہودیوں نے کیا ہے۔ مجھے بتائیں کہ ہم کدھر جائیں، کہاں اس کا رونا روئیں، کس سے بات کریں۔ اگر میں ملک کی پارلیمنٹ میں بیٹھ کر ایسی بات نہیں کرسکتا تو میں صحابہ کی ناموس کے مقابلے میں سینیٹ کی membership پر [1][xxxx] بھیجتا ہوں۔ اگر میں صحابہؓ کی بات نہیں کرسکتا، ان کے ناموس کی بات نہیں کرسکتا، میں اپنے دین کا تحفظ نہیں کرسکتا۔ یہ سارے مسلمان بیٹھے ہیں، اگر یہاں کا مسلمان، پارلیمنٹ کا رکن آج جناب نبی کریم ﷺ کے ناموس کے متعلق بات نہیں کرسکتا، صحابہ کے ناموس کے متعلق بات نہیں کرسکتا تو پھر ہمیں وہ جگہ بتائیں کہ ہم کدھر جائیں۔ ہم قومی اسمبلی میں بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ نہیں، آپ نے وہاں بھی بات نہیں کرنی۔ ہمیں وہاں بھی موقع نہیں دیا جاتا، یہاں سینیٹ میں بھی موقع نہیں دیا جاتا تو پھر ہمیں یہاں کیوں

[1] *"Expunged as ordered by the Chairman."*.

سیٹیں دی گئیں؟ مجھے بتایا جائے کہ کیا یہ آپ کے پارٹی کی پالیسی ہے یا آپ کے "نکے دے ابا دی" پالیسی ہے۔ اگر نکے داابا یہ سوچتا ہے کہ میں نے بین الاقوامی establishment کو راضی رکھنا ہے، نکے دا ابا یہ کہتا ہے کہ میں نے بین الاقوامی سوچ، یہودیوں کی سوچ، آئی ایم ایف کے بجٹ کو یہاں سے منظور کرانا ہے اور یہاں کوئی سخت بات نہیں کرے گا تو میں عرض کرنا چاہوں گا کہ اس طرح سے نہ حکومت چلے گی اور نہ پارلیمنٹ چلے گا۔ اگر آپ لوگ بضد ہیں کہ ہمارا نام کوئی نہیں لے گا ،آج تو میں ان کے ساتھ معاہدے کی وجہ سے نام نہیں لے رہا۔ کہتے ہیں کہ ہمارا نام نہیں لینا، میں نے نام نہیں لینا۔ میں نے کل بھی کہا کہ میں تو ان کی ذاتی زندگی کے متعلق کچھ نہیں کہتا لیکن آخر ہمیں بتائیں کہ اگر میں اس floor پر صحابہؓ کے ناموس کا تحفظ نہ کرسکوں، یہاں میں صحابہؓ کے لیے بات نہ کرسکوں، میں یہاں بیٹھ کر آئی ایم ایف کے بجٹ کا ذکر کروں، [xxxx] ایسے بجٹ پر جس کو آئی ایم ایف نے تیار کیا ہو۔ پاکستان کی تاریخ میں آئی ایم ایف نے آج تک کوئی ایسا کردار ادا نہیں کیا جو اس حکومت نے ادا کیا ہے۔

جناب چیئرمین: مولانا صاحب، اگر wind up کریں۔

سینیٹر عطاء الرحمٰن: میں یہودیوں کے بجٹ کو زیر بحث لانا بھی اپنی توہین سمجھتا ہوں، اس پارلیمنٹ کی توہین سمجھتا ہوں۔ میں نے پہلے بھی یہ کہا کہ اگر ملک کا ایک بڑا ذمہ دار عہدہ دار بجٹ کی رات قوم سے خطاب کرتے ہوئے صحابہ کرامؓ کے ناموس کے متعلق اس طرح کی باتیں کرے گا جس کو دین کا کچھ علم نہیں ہے، ہمارے معزز اراکین لفظ کشائی نہیں کرتے کہ زبان سے کوئی ایسی بات نہ نکل جائے اور یہ کہتے ہیں کہ زبان پھسل گئی۔ بڑے آدمی نے خاتم النبیین ﷺ کا لفظ بولا تو زبان پھسل گئی، عیسیٰؑ کی بات کی تو زبان پھسل گئی، صحابہ کرامؓ کی بات کی تو زبان پھسل گئی۔ میں نے کہا کہ یہ زبان ہے یا چینی چپل ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ یہ زبان ہمیشہ دین، صحابہ کرامؓ اور انبیاءؑ پر پھسلتی ہے، کبھی کسی جرنیل کے سامنے تو نہیں پھسلی، کبھی نکے کے ابے کا نام لیتے ہوئے نہیں پھسلی۔ وہاں کیوں نہیں پھسلی؟

میرے محترم ساتھیو! یہ پاکستان کی پارلیمنٹ ہے، یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی پارلیمنٹ ہے۔ ہم یہاں اس لیے نہیں بیٹھتے کہ ان کے ہاں میں ہاں ملاتے رہیں، یہ جو مرضی کرتے رہیں اور ہم

ان کالحاظ کرتے رہیں۔ آج میں نے اپنے بڑوں کی وجہ سے کسی کا نام نہیں لیا۔ کل معزز اراکین نے مجھے روکا کہ آپ نے بجٹ پر بات کرنی ہے لیکن اس معزز رکن کے ساتھ جو حشر ہوا۔

جناب چیئرمین ! مجھے ان لوگوں کے ساتھ ساتھ آپ سے بھی تھوڑا گلہ ہے کہ جہاں تک اجلاس کو چلانے کی ذمہ داری ہمارے حکومتی بنچوں کی ہوتی ہے، اس سے بڑھ کر آپ custodian ہیں، آپ اس ایوان کے تحفظ کرنے والے ہیں۔ اگر آپ بھی اپنی زبان بند رکھیں گے، آپ بھی کسی کو نہیں روکیں گے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: مولانا صاحب، ایسی بات نہ کریں، میں نے سب کو۔۔۔۔۔

سینیٹر عطاء الرحمٰن: میں آخر میں ایک مرتبہ پھر کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت کرنے والے لوگ اپنی زبانیں روکیں اور اپنے بڑوں کی زبان کو لگام دیں۔ اگر وہ لگام نہیں دیں گے، ہم اس floor پر بات کرتے رہیں گے، کسی کا باپ مجھے نہیں روک سکتا کہ میں کسی کے خلاف یہاں بات نہ کروں۔ بونگیاں مارو گے، نااہل لوگوں کو لاؤ گے تو پھر ہم بھی آپ کے مقابلے میں آئیں گے۔ بونگیاں مت مارو، اگر بونگیاں مارو گے، نااہل لوگوں کو لاؤ گے تو پھر ہم بات کریں گے، ہمیں بات کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

جناب چیئرمین: [xxxx] کا لفظ expunge کیا جاتا ہے۔ جی سینیٹر انوار الحق کاکڑ صاحب۔

Senator Anwar ul Haq Kakar

سینیٹر انوار الحق کاکڑ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اپنے honourable colleague کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ روایات کی پاسداری کرتے ہوئے انہوں نے اس ایوان کو بھی عزت بخشی اور اپنے colleagues کو بھی عزت بخشی۔ اس تشکرانہ جذبے کے ساتھ ساتھ جو نکات یہاں اٹھائے گئے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ وہ تاریخی حوالے سے، عقائد کے حوالے سے، ہمارے عمومی معاشرتی زندگی، روحانی زندگی کے حوالے سے انتہائی اہم ہیں، ہم اپنی پارٹی کا مؤقف حکومت کے alley کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کریں گے تاکہ حقائق سامنے لے کر آئیں اور پوری وضاحت کے ساتھ لے کر آئیں۔

ناموس رسالت ﷺ، ناموس تحفظ صحابہؓ، اہل بیتؓ، یہ میرے ایمان کا بھی حصہ ہیں، مولانا صاحب کے ایمان کا بھی حصہ ہیں اور یہ پورے ایوان کے ایمان کا حصہ ہیں۔ اس کے لیے مولانا

کے سرخ رنگ کا خون بھی حاضر ہے اور ہمارا سرخ رنگ کا خون بھی حاضر ہے۔ نہ ہمارے خون میں کوئی تفریق ہے اور نہ ان کے خون میں کوئی تفریق ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ تقدس کا سفر اقراء کے لفظ سے شروع ہوا جب جبرائیل امین حقانیت کا پہلا لفظ لے کر اترے اور جس جس نے محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتے ہوئے ان کی پیروی کی، قدم بڑھاتے ہی ان کی زندگیوں میں، ان کی ہستیوں میں تقدس کا عنصر بڑھتا گیا اور یہ ساری کی ساری قدوسی ہستیاں بن گئیں۔ اس پر امت میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ پوری امت مسلمہ اس بات پر متفق ہے، اس اصول پر متفق ہے، یہاں اصولی اختلاف کوئی نہیں۔ کسی نے خاکم بدہن اس کی ضد میں نہ کوئی دلیل دی ہے نہ کوئی بات کی ہے۔ اگر اس اصول کی ضد میں کسی نے بات کی ہے تو چلیں آپ کے ساتھ مل کر ہم جہاد اور لشکر کشی کے لیے تیار ہیں۔

جناب والا! اب ہم آتے ہیں اس مخصوص جملوں کے استعمال پر جو تقریر کے دوران استعمال کئے گئے۔ ہماری جو اس ایوان میں گزارش تھی وہ قطعاً اس حوالے سے نہیں تھی کہ اظہار رائے پر پابندی ہے اور اس پر کوئی بات نہیں کر سکتا لیکن ہم یہ امید رکھتے ہیں کہ یہاں پر علمائے حق کی سیاست کی جو ذمہ داری ہے وہ ثانوی ہو جاتی ہے سب سے پہلے وہ داعی ہیں۔ وہ داعی کا کردار ادا کریں، دعوت کا کردار ادا کریں، اشتعال کا نہ کرے۔ ہماری خواہش یہ ہے کہ اگر غیر ارادی طور پر، کسی بھی فرد سے، وہ فرد انوار ہو سکتا ہے، وہ آپ ہو سکتے ہیں، وہ کوئی بھی ہو سکتا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: جی کاکڑ صاحب۔

سینیٹر انوار الحق کاکڑ: جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے بھی ایمان کا تقاضا ہے کہ ہم اس نکتے کی وضاحت کریں کیونکہ اس فلور سے پوری قوم ہمیں سن رہی ہے۔ پوری امت مسلمہ ہمیں سن رہی ہے، یہ نکات جو فتنے کا باعث بن سکتے ہیں اور قرآن حکیم کہتا ہے یہ قتل سے زیادہ خطرناک ہے۔ فتنے سے دور رہنے کے لیے اس کی وضاحت دینا ضروری ہے اس لیے میں یہ وضاحت دے رہا ہوں۔ جناب چیئر مین! میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ جن الفاظ کا چناؤ بد قسمتی سے کیا گیا وہ بہتر الفاظ نہیں تھے۔ ان سے بہتر الفاظ کا استعمال کیا جا سکتا ہے، اس میں نہ ہماری انا مجروح ہو رہی ہے، اس میں ہر فرد کا بڑا

پن ہے کہ وہ اپنی گفتگو کی تصحیح کرے، اپنے لہجے کی تصحیح کرے، اپنی زبان کے استعمال کی تصحیح کرے، یہ سیکھنے کا عمل ہے جو قبر تک چلے گا، یہ لحد تک چلے گا۔ اس کا اطلاق مجھ پر بھی ہوتا ہے۔

پاکستان کے بائیس کروڑ لوگوں پر بھی ہوتا ہے، پوری امت مسلمہ پر ہوتا ہے۔ قطعاً کسی صورت میں، میرا یہ یقین ہے to insult صحابہ کرام یا ان کی شان میں گستاخی کی سوچ، اس کا سوچنا بھی جرم ہے، میرا یہ یقین ہے کہ پاکستان کے وزیراعظم یا کوئی اور سوچ بھی نہیں سکتا۔ لیکن وہ بشر ہے، بشری غلطیوں کو اگر ہم بنیاد بنا کر ایک ایسی راہ کی طرف چل پڑیں جس سے فتنے کا اور اشتعال کا امکان پیدا ہو، ایسے امکان کو روکنا، علمائے کرام کا فرض ہے، پارلیمنٹیرین کی ذمہ داری ہے، معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔ ہم یہ امید رکھتے ہیں کہ اس ذمہ داری کا احساس ہم سب کریں گے۔ زبان کے استعمال کرنے والے لوگ بھی اور جو اس کے سننے والے لوگ ہیں وہ بھی اسی پیرائے میں داعی کے طور پر اس کی تصحیح کرنے کے لیے آگے آئیں، راہنمائی کریں، اس راہنمائی کے لیے ہم سب حاضر ہیں کہ اس سے استفادہ حاصل کریں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہمیں راہنمائی ملے، ہم میں سے کوئی بھی اپنی آخرت بگاڑنا نہیں چاہتا۔ اس نکتے کو میں یہیں پر ختم کرتا ہوں کہ ہمیں ایسے موضوعات پر، اگر ہم کوئی گفتگو کریں تو اس میں جذبہ یقیناً ہونا چاہیے لیکن جذباتیت سے دور رہنا چاہیے۔ جذباتیت ہمیں منفی حرکتوں کی طرف لے جائے گی۔ ہم تو شاید یہاں پر کچھ ذمہ دار لوگ بیٹھے ہوئے ہیں لیکن جو عام لوگ ہمیں سن رہے ہیں وہ بہت ساری چیزوں کو اس پیرائے میں شاید نہ لیں جو بہت خطرناک صورت حال کی طرف لے جا سکتی ہے۔ اس امید کے ساتھ کہ ہم متفقہ اصول پر agree کرتے ہیں، ہمارا اس پر agreement ہے کہ اس بات کو ہم یہیں پر ختم کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔

جناب والا! اس ملک میں مشرف کے بعد تیسری جمہوری حکومت آئی ہے، بجٹ کے حوالے سے ریاست کی جو بنیادی ذمہ داریاں ہیں اس میں لوگوں کو سیکورٹی provide کرنا اور ان کی economic activity کو stimulate کرنا یہ اس کی constitutional responsibility میں آتا ہے، بنیادی ذمہ داری میں آتی ہے۔ اس بنیادی ذمہ داری کو ستر سالوں میں بعض اوقات unelected حکومتوں نے، بعض اوقات elected حکومتوں نے ادا کیا ہے۔ ستر اکہتر سال کے بعد ہم ایک economic mess میں پھنسے ہوئے ہیں، اس سے

aisle کے دونوں طرف کے لوگوں کو کوئی اختلاف نہیں کہ ہم ایک انتہائی سنگین معاشی صورت حال میں ہیں۔ بعض اوقات جب میں اپنے فاضل دوستوں کو سنتا ہوں تو لگتا ایسے ہے کہ وہ کشتی جس میں ستر سال سے سوراخ کیا گیا، ایک ملاح، ایک ship captain جو اس دعوے کے ساتھ آیا کہ میں اس کشتی کو ساحل کے پار لگاؤں گا، جو سوراخ کرنے والے لوگ تھے وہ سب اس خوشی کا اظہار کر رہے ہیں کہ دیکھو، اس خوش گمان شخص کو، اس خوش فہم شخص کو، کہ یہ اس کو ساحل کے پار لے جائے گا، یہ تو ڈوبی ہی ڈوبی without realizing کہ اس کشتی کے مسافر یہ بھی ہیں۔ اگر یہ کشتی ڈوبی تو پھر صرف وہ ملاح نہیں ڈوبے گا اس کے ساتھ یہ تمام مسافر بھی ڈوبیں گے۔

جناب والا! IMF کا تذکرہ بعض حلقوں کی جانب سے ایسا آیا ہے، لگتا یہ ہے کہ پہلی دفعہ IMF کی intervention ہماری economy میں آئی ہے۔ آپ tax collection کرتے ہیں، جو revenue generation آپ کی ہوتی ہے اسی کی بنیاد پر آپ اپنا expenditure کرتے ہیں۔ اگر آپ کے expenditure سے tax collection کم ہو تو اس کے لیے مختلف ادوار میں مختلف حکومتوں نے foreign agencies سے loan agreement کیا ہے، یہ تمام دنیا میں مروجہ قانون ہے اور جو لوگ آپ کو قرضہ دیتے ہیں وہ آپ کے ساتھ negotiate کرتے ہیں کہ ان کی recovery کیسے ہوگی۔ وہ ensure کرانا چاہتے ہیں کہ ان کی recovery proper ہو اور وہ اپنے revenue generation plan میں آپ سے گفتگو کرتے ہیں کہ آپ یہ پیسا کیسے کما کر ان کو لوٹائیں گے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ اپنے سرمائے کو اندھوں کی طرح کہیں پر جھونک دیں۔ اگر ہمارے پاس کوئی اور متبادل ہوتا، کوئی تجویز ہے اگر ہے تو یقیناً سامنے آنی چاہیے، جو کہ میرے خیال میں نہیں ہے۔ ظاہر سی بات ہے کہ آپ نے ان سے loan seek کر کے کوشش کرنی ہے کہ اپنی revenue generation بڑھائیں، اپنے tax collection کو بڑھائیں اور tax collection کی بنیاد پر اپنے ریاستی امور کو بہتر انداز سے چلائیں جہاں سے عام آدمی کو آپ ریلیف دے سکیں۔ کیا اس بجٹ سے ہم فوری طور پر ریلیف دے پائیں گے؟ میرے خیال میں بہت honest answer ہے کہ نہیں۔ ایک دم سے ہم نہیں کر پائیں گے۔ اگر ہم ایک دم سے نہیں کر پائیں گے تو کیا یہ مکمل مایوسی کی تصویر ہے کہ ہم ڈوب چکے ہیں؟ قطعاً نہیں، ہم پرامید ہیں۔ ہم پرامید ہیں کہ proper planning سے

پانچ سال کا مینڈیٹ اس حکومت کو جو ملا ہے وہ پانچ سال کی پلاننگ ذہن میں رکھتے ہوئے اور اپنے مالیاتی اداروں میں reforms لاتے ہوئے، جس میں particularly FBR ہے اور اس کی سب سے بڑی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے revenue collection کو اس سطح پر لے آئیں جہاں ہم اپنے اخراجات، چاہے وہ infrastructure کے حوالے سے ہوں، چاہے وہ social indicators کے حوالے سے ہوں، چاہے وہ defence کے حوالے سے ہوں وہ خود کرنے کے قابل ہوں۔ وہ خود کیسے ہوں گے۔ وہ اسی وقت ہوں گے جب ہم اپنی economy کی نبض کو سمجھتے ہوئے ، ہم اپنے exports کو focus کریں، اس کو بڑھائیں۔ ہم اپنے Human resources development پر مزید investment کر کے اپنی افرادی قوت سے وہ کما سکیں جو ان کے خاندانوں کے اور عمومی طور پر اس معاشرے، اس ملک کے کام آسکے۔ ہم اپنی tourism industry میں investment کر سکیں۔ جہاں جہاں ہمارا potential ہے natural, mineral resources ہیں ان کو ہم explore کر سکیں for the collective good of the nation عمومی طور پر اس معاشرے کی بہتری کے لیے۔ جو ہمارے ساتھ پچھلی ایک دہائی میں ہوا ہے یا اس سے بھی پہلے، میں سمجھتا ہوں کہ ہم نے اسی طرز پر چھبیس ہزار یا چوبیس ہزار ارب کے قریب جو قرضہ لیا، بد قسمتی سے وہ non-productive sector میں زیادہ استعمال ہوا، اگر وہ productive sector میں استعمال ہوتا تو وہ revenue generation کی ایک وجہ بنتی۔ وہ non development expenditure میں، non-productive sector میں زیادہ استعمال ہوا cost of governance ہماری بڑھی جس سے ہم اس دلدل میں اور اس debt trap پھنس چکے ہیں۔ اب اس سے نکلنے کا طریقہ یہی ہے کہ ہم اپنے belt tight کریں، ہم اپنے expenses کم کریں اور اپنی revenue generation بڑھائیں۔ یہ کام آسان نہیں ہے، اس کی بڑی political implications ہیں، اس کے سیاسی اثرات ہیں لیکن بلاخر اس کو کسی نے تو کرنا تھا، میں سمجھتا ہوں اس کا credit موجودہ حکومت کو جاتا ہے کہ انہوں نے difficult decisions لیے، مشکل فیصلے کیے اور اس ملک کی economy کو recovery path پر لانے کی کوشش کی جارہی ہے جہاں پر لوگ sustainable development کی طرف

جارہے ہیں، جہاں لوگ sustainable economy کی طرف جارہے ہیں۔ میں پوری economic team کو خراج تحسین پیش کروں گا، چاہے وہ سابقہ ہو یا موجودہ Finance Minister ہوں، FBR کی team ہے، وزیر اعظم صاحب ہیں اور باقی وزراء ہیں جنہوں نے دن رات کی کاوشوں اور محنت کے بعد مشکل حالات میں ایسا بجٹ دیا جس سے لوگوں میں یہ امید پیدا ہورہی ہے کہ آنے والے دنوں میں، کم از کم ہم ایک independent قوم کی طرح جو self-earning پر believe کرتی ہے اس direction میں جا سکیں، مولانا صاحب میں آپ سے request کروں گا کہ آپ۔۔۔۔

جناب چیئرمین: جی please آپ continue کریں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: No cross talk مولانا صاحب۔

سینیٹر انوار الحق کاکڑ: اس کے ساتھ ساتھ یقیناً جمہوریت اور جمہوری اداروں کے حوالے سے بھی ہم ایک national discourse میں پھنسے ہوئے ہیں، یہاں پر بڑے polarized views ہیں اور لوگوں کی اپنے اپنے subjective realities ہیں۔ وہ اپنے حقائق کو gospel truth کے طور پر، شاید میں بھی سمجھتا ہوں اور دوسرے بھی سمجھتے ہیں لیکن حقیقت شاید کہیں بیچ میں ہے ہم سب لوگوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ civilian supremacy eventually اس معاشرے، اس ریاست اور اس ملک کا ہدف ہے، اس ہدف سے اس کو کوئی نہیں روک سکتا۔ انسانی تاریخ میں ہمیں مختلف اثبات ملتے ہیں کہ ہم اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے کونسا راستہ چنتے ہیں؟ Westminster model for democracy ایک role model کے طور پر، جمہوریت کے حوالے سے پوری دنیا میں جانی جاتی ہے، انہوں نے جب اپنی struggle میں پارلیمنٹ اور monarchy کے بیچ میں بڑی شدت کے ساتھ جب وہ گئی تو ان کی تاریخ میں ایک واقعہ آیا جس کو glorious revolution کہا جاتا ہے۔ اس کو glorious revolution اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ French revolution کے مقابلے میں blood less revolution ہے، خون بہائے بغیر پارلیمنٹ نے بہت ساری چیزیں اپنے اختیار میں لیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ French revolution ہمارے لیے راستہ نہیں ہے glorious

revolution ہے۔ Glorious revolution کے لیے اگر اس so called civil military divide میں یہ approach رکھی جائے گی to conquer, I am afraid people get defeated اگر یہ approach ہو گی 'to lead' تو کامیابی کے امکانات بہت زیادہ ہیں، to lead کی جو requirement ہے وہ یہ ہے کہ اس leadership میں چاہے وہ میری ہو، ان کی ہو یا کسی کی بھی ہو، دو prerequisites ہونے چاہیں، ایک integrity of character ہے اور دوسرا vision ہے، ان دونوں کے امتزاج نے supremacy کی جنگ جیتنی ہے۔ ہماری رائے ہے supremacy کی جنگ محض کھوکھلے نعروں سے جیتی تو نہیں جاتی بلکہ اس میں ہارنے کا امکان زیادہ ہے اور بار بار ایسے تجربے کیے گئے جہاں پر ان نعروں کی بنیاد پر مختلف political movements generate ہوئی ہیں، ہمارے ملک میں بھی ہوئی ہیں اور globally بھی ہوئی ہیں۔ Arab spring کا تذکرہ کیا گیا اس کی جو assessment ہوئی اس کو جس انداز میں initially perceive کیا گیا، اس کا consequence ایک civilian military dictatorship کی صورت میں سامنے آیا تو خدارا کسی کی نیت پر شک نہیں کرنا چاہیے اور اگر اختلاف رائے ہے اس کو صحت مندانہ انداز میں دیکھنا چاہیے۔ ایک اور بدقسمت واقعہ خڑ کمر میں ہوا، خڑ کمر میں 14 افراد بدقسمتی سے اپنی قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے، اس کے ساتھ law enforcement agencies کا ایک personnel بھی اپنی قیمتی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ اس واقعے کے حوالے سے اب تک کی جو تفصیلات ہمارے سامنے آئی ہیں اس میں ایک military installation پر دو افراد کی قید ہونے کی وجہ سے دھرنا دیا گیا، ان میں سے ایک صاحب جس کے بارے میں زیادہ evidence موجود تھا کہ وہ terrorist کے facilitator کے طور پر رہے، ان کی معاونت کرنے والوں میں سے ہے اور جو دوسرے صاحب تھے ان پر evidence بہت زیادہ compelling نہیں تھی۔ دھرنے کے لوگوں سے بات چیت کے بعد ان کو رہا کر دیا گیا اور دوسرے صاحب کو custody میں ہی رکھا گیا، ایسے میں ایک mob آیا اور mob نے ان کو چھڑانا چاہا اور اس دوران reportedly یہ بات سامنے آئی ہے کہ چند افراد نے جو law enforcement agencies کے لوگ تھے ان سے بندوقیں چھیننے کی کوشش کی اور بدقسمتی سے مزاحمت میں یہ

واقعہ رونما ہوا۔ میں نہیں سمجھتا کہ پاکستان کے عوام اور فوج میں کوئی خلیج ہے یا کوئی جنگ کی کیفیت ہے، ہم ایک ہیں وہ اسی معاشرے کا حصہ ہیں وہ ہم میں سے ہیں اور ہم ان میں سے ہیں۔ ریاست کے مختلف organs ہیں، پارلیمنٹ supreme ہے، ہم اس ادارے سے تعلق رکھتے ہیں وہ دوسرے organs میں اپنی constitutional duties fulfill کر رہے ہیں، terrorism کے challenges میں جو قربانیاں انہوں نے دیں، civilians نے دیں، police نے دیں وہ ساری on record ہیں۔

جناب چیئرمین! اس واقعے سے installation پر پہلے اور بعد میں بھی ایک ہی ID کے چار افراد شہید ہوئے جو اس environment کی نشان دہی کر رہا ہے کہ وہاں پر اب بھی دہشت گردی کے واقعات وقتاً فوقتاً ہو رہے ہیں اور جب آپ ایسی environment میں ہوں جہاں پر لوگ مرنے اور مارنے کو تیار ہوں تو وہاں کے rules and procedure accordingly shape-up ہوتے ہیں۔ اگر ہم ان حقیقتوں کا ادراک نہیں کریں گے تو مجھے یہ خوف ہے کہ یہ جنگ جس کو بندوق کے زور پر، وہ گروہ جس کو ہم سب دہشت گرد تسلیم کرتے ہیں وہ جیتنے کی کوشش کر رہا ہے اور اس سے جو لڑنے والا گروہ ہے، جو ریاست کا گروہ ہے اور جو آئینی ہے، جو کہ آپ کی فوج ہے، جو آپ کی Frontier Corps ہے، جو آپ کی پولیس ہے اور جو آپ کی levy ہے اگر ہم ان کی پشت پناہی نہیں کریں گے تو یہ دہشت گردوں کا حوصلہ بڑھائے گا اور میں اس یقین کے ساتھ کہ اس ایوان کا کوئی معزز رکن یا کوئی اور ذی شعور شخص قطعاً یہ نہیں چاہے گا کہ ان دہشت گرد گروہوں کے لوگوں کا حوصلہ بڑھے، ہم سب یہی چاہتے ہیں کہ ان سب کی حوصلہ شکنی ہو اور حوصلہ شکنی کے ساتھ ان کی بیخ کنی بھی ہو لیکن۔۔۔

جناب چیئرمین: سینیٹر انوارالحق کاکڑ صاحب please windup کریں۔

سینیٹر انوارالحق کاکڑ: اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے ہمیں چند بنیادی اصولوں پر agree کرنا ہوگا، اگر ہم ایک دوسرے پر الزام تراشی کرکے کسی ایک سیاسی زاویہ کو آگے بڑھانے کی کوشش کریں گے تو ہم بڑے مقاصد میں کافی پیچھے رہ جائیں گے، جی ہاں dialogue ہونا چاہیے، اس floor پر ہونا چاہیے اور اس floor کے علاوہ ہونا چاہیے اور healthy dialogue سے ہم سب سیکھیں گے، میں بھی سیکھوں گا اور باقی سب دوست بھی سیکھیں گے۔ ہم

سیکھنے کے لیے تیار ہیں، ہم سننے کے لیے تیار ہیں لیکن informative discourse کی درخواست ہے۔

گلہ بے جا بھی کرے کوئی تو لازم ہے شعور

جناب چیئرمین! میں جانتا ہوں کہ آج میری تقریر شاید تھوڑی سی طوالت اختیار کر گئی ہے لیکن چند اہم نکات تھے جس پر حکومتی اتحادی کے حوالے سے میں نے یہ ضروری سمجھا کہ کچھ وضاحتیں floor of the House and record پر آنی چاہییں اس لیے میں نے کچھ زیادہ وقت لیا۔ آپ کی magnanimity کا شکریہ۔

(اس موقع پر پریذائیڈنگ آفیسر سینیٹر محسن عزیز صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر میاں رضا ربانی صاحب۔

**Senator Mian Raza Rabbani**

سینیٹر میاں رضا ربانی: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ نے مجھے یہ موقع فراہم کیا کہ بجٹ پر کچھ الفاظ اس ہاؤس میں بول سکوں۔ یہ بجٹ عوام دشمن اور مزدور کش بجٹ ہے۔ اس میں کوئی حیرت کی بات نہیں ہے کیونکہ جو بجٹ IMF تیار کرے گی اور IMF کا بجٹ وزیر Revenue پڑھیں گے تو یقیناً وہ بجٹ عوامی نہیں ہوگا۔ جناب چیئرمین! یہ IMF کا بجٹ ہے اس بات کو certify یا اس بات کا proof دو دن پہلے Governor State Bank نے خود دے دیا۔ آپ کو یاد ہوگا کہ Governor State Bank کی press conference چھپی جس میں Governor State Bank نے اپنی press conference میں یہ کہا کہ ہم نے اس بجٹ کے اندر IMF کی تمام تر شرائط کو مکمل طور پر پورا کر دیا ہے لہٰذا اب جولائی کے پہلے ہفتے میں IMF Board منظوری دے گا جو اس بات کا certificate ہے کہ یہ IMF کا بجٹ ہے، IMF کی staffers کی team نے تیار کیا اس کو بڑا proudly Governor State Bank نے own کیا۔

جناب چیئرمین! آگے چلیں تو اس حکومت کی seriousness بجٹ پر کیا سمجھیں، 16-6-19 کو بڑے proudly Minister for Planning, Bakhtiar Sahib نے ایک statement دی اور پھر اس کے بعد Advisor on Finance نے اس

statement کو own کرتے ہوئے tweet کیا اور کہا کہ ADB 3.4 billion US dollars budgetary support میں ہمیں دے رہا ہے۔ہماری کل ان کے ساتھ meeting ہوئی ہے with the local representative here in Islamabad and this has been decided. روایات سے ہٹ کر ADB نے Sunday کیونکہ یہ statement Saturday کو آئی، Sunday کو ADB کے Chief نے یہ بات کہی کہ یہ statement قطعاً غلط ہے۔ADB نے کوئی commitment نہیں کی ہے اور نہ ہی میرے پاس mandate ہے کہ میں کوئی ایسی commitment کر سکوں۔

Mr. Chairman, this has to be approved if at all by a Board of Directors, 3.4 billion dollars budgetary support, that was claimed to be coming from the ADB by the Ministers, was proven wrong by a tweety staffer of the ADB. Now, Mr. Chairman, let me come to another issue and when I raise this issue I must say that I am disappointed in all political parties across the board that such an important matter has taken place but nobody has dare to talk about it.

جناب چیئرمین! دو دن پہلے ایک notification جاری ہوتا ہے اور وہ notification یہ کہتا ہے کہ ایک National Development Council بنی ہے۔اس National Development Council کے اندر Minister A, B, C, D اور پانچویں یا چھٹے serial number پر there is the name of Chief of Army Staff and there are other members and then the terms of reference are given. اب میرا صرف اتنا کہنا ہے کہ اگر آپ ان terms of reference کو in juxta position رکھیں تو آپ مجھے یہ بتائیں اور آپ کے توسط سے میں حکومت سے یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ جب آئین کے اندر ایک ادارہ موجود ہے تو پھر آپ extra constitutional ادارے جن کی کوئی legal sanctity نہ ہو وہ آپ

کیوں ترتیب دے رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں آپ کو آئین کے Article 156 کی طرف لے چلتا ہوں۔

What is Article 156? It is the National Economic Council, put in juxta position, the membership of the National Economic Council and the Membership of the National Development Council. Article 156, says, the President, shall constitute a National Economic Council which shall consist of the Prime Minister, who shall be the Chairman, of the Council. Same is the case with the NDC, the Chief Ministers, and one member from each province to be nominated by the Chief Minister and four other members as the Prime Minister may nominate from time to time. The four Ministers who have been given at serials 2 to 6 or 5, they can be nominated by the Prime Minister under Article 156 in the National Economic Council.

پھر جناب چیئرمین! اگر آپ آگے چلیں اور terms of reference کو clause II of Article 156 کے ساتھ رکھیں تو وہ کیا کہتا ہے The National Economic Council shall review the overall economic condition of the country and shall for advising the Federal Government and the provincial Governments, formulate plans in respect of financial, commercial, social and economic policies and in formulating such plans it shall amongst other factors ensure balanced development and regional equity and shall also be guided by the principles of policy set out in Chapter 2, part II."

So why are you replicating by way of a notification that which is already provided under Article 156 of the Constitution? And what is the need Mr. Chairman of

having the Chief of Army Staff in such a Council? If it is to look into matters of national security where funding is required then the National Security Council is there. The Minister of the Finance is a member of the National Security Council

وہاں پر finance کے جتنے issues related the military آتے ہیں they are there اور ابھی فاضل سینیٹر نے military and civil relationship کے بارے میں جو گفتگو کی، میں نہیں سمجھتا کہ یہ اس جانب مثبت قدم ہو گا۔ پاکستان کی افواج جن کا آج تک non-controversial role رہا ہے، ایک سیاسی جماعت کی حکومت، اس کی economic policies کی اس طرح وابستگی کر دینا will open them for criticism. I think that in the presence of National Economic Council, which has already been constituted by the President of Pakistan, there is no need of the NDC and Mr. Chairman, through you میری حکومت سے استدعا ہو گی کہ وہ اس notification کو review کریں اور مناسب یہ ہو گا کہ یہ notification withdraw کر لیں کیونکہ یہ Article 156 کو over ride نہیں کر سکے گا۔

جناب چیئر مین! اب میں آگے بڑھتے ہوئے صرف اتنا کہنا چاہوں گا کہ serious shadow of a doubt exists کہ آیا Rule 184 of the National Assembly Rules کی compliance ہوئی ہے یا نہیں؟ دوسرے House کا مسئلہ ہے لیکن میں very briefly ایک منٹ لوں گا۔ وہ Rule یہ کہتا ہے کہ "The budget will be presented by the Finance Minister." Here there is an Advisor and admittedly the Finance Minister is the Honourable Prime Minister. وہ Rule یہ بھی کہتا ہے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ discussion اس دن ہو چکی ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! اس پر نہیں ہوئی تھی اور کہا تھا کہ آپ اپنی تقریر میں بات کر لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس House کے rules کے مطابق۔۔۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! وہ rule یہ بھی کہتا ہے کہ اگر Leader of the House کسی اور Minister کو nominate کر دے تو وہ lay کر سکتا ہے۔ آپ کے توسط سے میرا حکومت سے سوال ہے کیونکہ بجٹ ہے، taxation proposals ہیں، لہٰذا this cloud of uncertainty needs to be lifted. حکومت اس بات کی وضاحت کرے کہ آیا in writing Minister of Revenue کیونکہ وہ Minister of State for Finance نہیں ہیں، ان کا notification صرف Minister of Revenue کا ہے، اس کے تحت انہوں نے کہا ہے authorization and authorization has to be in writing آیا Leader of the House نے ان کو in writing authorize کیا ہے یا نہیں؟

Mr. Chairman, now I move on and I will now take you to the Finance Bill and in Finance Bill in the Customs Act 1969 in Clause 63, 66, 67, 68 and 619, Mr. Chairman, this seeks an amendment

کہ جہاں پر Federal Government کا لفظ لکھا گیا ہے، وہاں پر اس کو by the Board or the Minister In-charge سے replace کر دیا جائے۔ جناب چیئرمین! Mustafa Impex case کے تحت جو فیصلہ Federal Government کا ہے، وہ فیصلہ کابینہ کا ہے۔ اب کابینہ کا فیصلہ نہیں ہو گا بلکہ فرد واحد فیصلہ کرے گا۔ آپ کے توسط سے میری حکومت سے التجا ہو گی کہ یہ بڑی fundamental powers ہیں، آپ ایک آدمی یا ایک شخص کو authorize نہیں کر سکتے، یہ Federal Government یعنی کابینہ کے پاس ہی رہنا چاہیے۔

Now Mr. Chairman, I take you to Clause 624, 625 and 628 and I would request you to just bear with me

آپ دیکھیں کہ یہ کیا چاہ رہے ہیں اور کر کیا رہے ہیں۔

Mr. Chairman, I am now going to be reading from the Bill itself and this is at page 194 of the Finance Bill. This says; seeks to amend Section 185 to empower Prime Minister, again concentrating powers in the hands of an individual. There the Minister In-charge, here now we are coming down to the Prime Minister to appoint Special Judge Customs in consultation with the Chief Justice. Then Mr. Chairman, I move on the 625; seeks to amend Section 185(d); to empower Prime Minister instead of the Federal Government. Collective decision making is being put to the alter of the whims of an individual to transfer cases from the jurisdiction of one Special Judge Customs to another, to another.

Then Mr. Chairman, let me take you to Clause 628 which says; seeks to amend Section 194 to empower the Prime Minister to appoint Judicial Member, Technical Members, Chairman and to determine the terms and conditions of their appointment and also seeks to include Director or Chief of the Board with minimum three years experience for appointment as Technical Member in Appellate Tribunal to make selection. This again, who's to make the selection? The Prime Minister, to make selection of Advocate of High Court as Judicial Member subject to FPSC Ordinance 1977 and to fix the tenure of the Technical Member to two years. Again Mr. Chairman, the emphasis is being shifted from collective decision making to an individual.

Mr. Chairman, I am still in the Customs Act, I take you Clause 634 which seeks to amend Section 212 (a) to

omit the approval of the Federal Government, i.e of the Cabinet to make rules

وہ خود مادر پدر آزاد ہیں کہ وہ کیا rules بناتے ہیں۔ وہ چاہیں authorized economic operators کے لیے جو بھی قوانین بنائیں، فیڈرل گورنمنٹ کا کوئی بھی عمل دخل نہیں ہوگا۔اس کے بعد میں آپ کو Income Tax Ordinance, 2001 کی طرف لے کر جاتا ہوں۔اس کی clause 1325 seeks to authorize the Commissioner to freeze assets of a person who is likely to leave Pakistan and is involved in the offshore tax evasion. By this you can imagine what hell will break loose. There is another amendment which gives powers to the Commissioner to enter anybody's home. Tomorrow, the Commissioner can enter my house saying I have reasonable cause to believe that you have ten *tolas* of *sona* and without a warrant; he can walk into my house, search my house and say that *sona* is lying in my house. What kind of state are we creating? اگر آپ نے یہ powers دینی ہیں تو subject them to a procedure or a higher authority. You cannot give these powers to a Commissioner simply. اب میں آپ کو آگے clause 1361, capital A and small b کی جانب لیے چلتا ہوں۔ It seeks to freeze corporate tax rate at 29 per cent for the tax year 2019 and onwards. There is a blank cheque کہ 2019 کے بعد اسے جب تک چلنا ہے تو چلے اور پھر یہ اسی rate پر fix ہو جائے گا۔ میں آپ کو آگے چل کر یہ بھی دکھاؤں گا کہ پاکستان میں عام شہری پر 37 قسم کے taxes in one form or another لگتے ہیں۔

جناب چیئرمین! آخر میں Finance Act میں Port Qasim Act جو غالباً 1979 کا ہے، میں اس کی بات کروں گا کیونکہ اس کی بھی amendment کی بات

کی گئی ہے۔ اس کے متعلق میں آپ کے سامنے بس اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ portsآئین کےFederal Legislative List Part IIمیں آتے ہیں۔

It is controlled by Article 153 of the Constitution and it says that all items under the Federal Legislative List Part II will fall under the domain of the Council of Common Interests. This bill has not gone to the CCI because the last meeting of CCI was held on 29th November, 2018. The Constitution requires that CCI meeting should be held once in every ninety days. We are now well over 155 days and the CCI has not met. This in itself is the violation of the Constitution. This bill has not gone to the appropriate authority because the Federal Cabinet in this regard is not the appropriate authority as it comes under the jurisdiction of Federal Legislative List Part II. I will skip and move further and say that the IMF Agreement and its conditionalities have been implemented in the shape of this budget

لیکن آج دن تک نہ بجٹ سے پہلے اور نہ اس کے بعد اور نہ ہی بجٹ میں پارلیمان اور پاکستان کے عوام کوconfidenceمیں لیاگیاہے کہ IMF staffersکےساتھ جوagreementطے پایاہے،اس کے شرائط کیاہیں۔اس سے بہت اہم سوال اٹھتے ہیں۔پہلا سوال transparencyکے متعلق اٹھتاہے۔دوسرا سوال open governanceکے متعلق اٹھتاہے۔تیسرا سوال پاکستان کی Financial Sovereigntyکو IMFکےساتھ barterکرنے کے معاملے پراٹھتاہے۔چوتھا سوال اس کے متعلق ہے کہ National security of Pakistan has been put at risk.پانچواں سوال

یہ اٹھتا ہے کہ IMFکے اسagreementسے پاکستان کی عوام کو اندھیرے میں رکھ کر پاکستان کوthe United States of Americaکاایکclient stateبنادیا گیا ہے۔ہمیں امریکا کاایک کاسہ لیسstateبنادیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! میں آگے چلتا ہوں اور چیزوں کوskipکرتا ہوں because I see that you are anxious and I realize that my time is running out. There are 37 various taxesجوایک عام آدمی پرapplicableہوتے ہیں۔انtaxesمیں Income Tax, General Sales Tax, Capital Value Tax and others are included of which I have the list but cannot share owing to paucity of time. I will skip other portions also because a lot friends have spoken on those matters also.میں دو یا تین باتیں کروں گا جو میں سمجھتا ہوں کہ ان کا کرنا لازمی ہے اور ان کااس فلور پرآنا انتہائی اہم ہے۔آپ کو اور فاضل وزیر کو as he has travelled extensivelyاچھی طرح علم ہوگا کہ there is a Bermuda Triangle in which if any aircraft goes, it cannot come out again.میں یہ سمجھتا ہوں کہ this Government has been caught in the Bermuda Triangle.اس حکومت کا پہلاBermuda Triangle IMFہے۔اس کا دوسراBermuda Triangle crony capitalismہے اور تیسراelitismہے۔آج کیElitismایوب خان کے ماڈل کی طرح ہے which is authoritarian model of developmentجس کے نتیجے میں پاکستان میں 22خاندانوں نے جنم لیااور پاکستان کیmiddle and lower classesکاچاہے ان میں کھیت کے مزدور ہوں یا مل کے،ان سب کاخاتمہ کیا۔میں آگے چل کر یہ بات کہنا چاہتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ یہ بات آپ کے سامنے رکھوں کیونکہ یہ انتہائی اہم ہے۔میں نے پہلےان پانچ پوائنٹ میں یہ عرض کیا تھا کہ National security has been placed at riskاور یہ میں اس وجہ سے کہتا ہوں کہ IMF کے ساتھ اور پھر اب آپ نےWorld Bankکے ساتھ معاہدہ کیا کچھ دن پہلے wiki leaks

میں ایک document سامنے آیا جو امریکی document ہے اور ان کی military کا document ہے اور وہ یہ کہتا ہے کہ ہم IMF اور World Bank جیسے اداروں کو اپنی policies کی implementation کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ لہذا آپ کو یعنی ہمیں اس طرح جکڑا گیا ہے تو پاکستان کی priorities, پاکستان کی National Security, کے issues پر ان کا کیا اثر پڑے گا اور آخر میں جناب چیئرمین! اس کا منہ بولتا ثبوت آپ کو ملا 14 جون 2019 کو ایک خبر شائع ہوئی۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: 30 منٹ سے اوپر ہو گئے ہیں۔

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I am just winding up. Yes, Secretariat, I am winding up.

جس کا منہ بولتا ثبوت یہ ہے،

these are important matters of National Security,

جس میں

Ambassador Alice Wells, Acting Assistant Secretary told members of the Congress and I quote, "we have not seen the IMF package yet be understood that there has been an agreement reached between the IMF and the Government of Pakistan but certainly we have communicated our strong views. The Secretary of State has done so publicly, on the need of any package to include real structural reforms and finally, Mr. Chairman, in this very interview, in this very talk to the Congress Members, the Secretary of State and Ms Alice have talked about Pakistan's Nuclear Programme and have talked about the risks that are involved in that Nuclear Programme. This is printed in Pakistani media, it is not foreign media and the Foreign Office has not come out to contradict it, the American Embassy has not come out to contradict it.

میرے کہنے کا مقصد آخر میں یہ ہے کہ جو ہم خدشات اٹھا رہے تھے کہ کیا پاکستان کی National Security کو آگے چل کر ان کے کہنے پر compromise کیا جائے گا اس کا منہ بولتا ثبوت American Ambassador نے اور امریکا کے سیکریٹری نے خود دے دیا ہے۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں اور I apologize for consuming time.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر جاوید صاحب بولنا چاہیں گے یا ایوب آفریدی صاحب؟ جی سینیٹر ایوب آفریدی۔

**Senator Muhammad Ayub**

سینیٹر محمد ایوب: شکریہ چیئرمین صاحب۔ میں عثمان کاکڑ صاحب کے شعر سے شروع کروں گا۔ (پشتو شعر)۔ سر اس کا مطلب یہ ہے کہ سچ نہ بولیں اور آپ خون کو بھی پانی بولیں لیکن اگر آپ موازنہ کریں پاکستان کی پارلیمنٹ اور میڈیا کا تو اس سے زیادہ آزادی دنیا میں کسی ملک میں نہیں ہے جتنی پاکستان کی پارلیمنٹ اور میڈیا میں ہے۔ لہٰذا ہمیں اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے جو یہ ذکر کیا، میں ان کے ساتھ visit بھی کر چکا ہوں less developed areas کا اور خاص طور پر FATA کی بات کی، Ex- FATA کی بات کی یہ بالکل صحیح بات کر رہے ہیں کہ اگر ہم موازنہ کریں تو Less developed areas کے لیے پچھلی حکومتوں نے کچھ نہیں رکھا لیکن ہماری حکومت نے اس بجٹ میں 152 ارب روپے Ex–FATA کے قبائل کے لیے رکھے ہیں۔ شاید انہوں نے دیکھا نہیں اور اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان جو ان کا پسماندہ علاقہ ہے، وہاں کے لیے 76 ارب روپے رکھے ہیں۔ ہم نے ان کے ساتھ جنوبی پنجاب کا visit کیا تو ان کی بات بالکل ٹھیک ہے کہ وہاں پر بالکل development نہیں ہوئی ہے۔ ہمارے وزیر اعظم صاحب کا focus ہے less developed areas کو develop کرنے کا تو سندھ اور پنجاب میں جہاں development نہیں ہوئی ہے ان شاء اللہ اب ہماری حکومت اور ہمارے وزیر اعظم کی ترجیحات یہی ہیں کہ وہاں پر development ہو۔

جناب والا! اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم ایک مشکل وقت سے گزر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے غریب عوام کی سن لی اور ہمیں عمران خان کی شکل میں ایک ایماندار وزیر اعظم دیا۔ جنہوں نے 9 ماہ کی سخت محنت کے بعد اس ملک کی ڈوبتی ہوئی معیشت کو صحیح سمت پر ڈالا۔ الحمد اللہ اب

پاکستان کی معیشت مضبوط ہو گی اور خود اپنے پاؤں پر کھڑی ہو گی لیکن جناب چیرمین ! اس کا تذکرہ کرنا ضروری ہے کہ پاکستان کو اس مشکل وقت میں لانے کا ذمہ دار کون ہے۔ ابھی عثمان کاکڑ صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ ہمیں شروعات کرنی چاہیے ضیاء الحق کے وقت سے جو IMF سے قرضے لیے گئے ہیں وہ کہاں استعمال ہوئے؟ لیکن میں ان کو بتاتا چلوں کہ اگر ہم پچھلے 60 سال کا تذکرہ کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ پچھلے 60 سال میں ہم نے 6000ارب کے قرضے لیے اور وہاں پر کافی development ہوئی۔ پچھلے دس سالوں میں اگر آپ دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ پچھلی دو حکومتوں نے 24000 ارب کے قرضے لیے۔ لہٰذا ہمیں پیچھے جانے کی ضرورت نہیں ہے اگر ہمیں ان کے دس سالوں کا حساب کتاب مل جائے تو ہم بہت ترقی کر سکتے ہیں۔

جناب والا! اس کے ساتھ ساتھ 24000 ارب، اتنا ظلم ہوا ہے، ان دو پارٹیوں نے عوام کے ساتھ اتنا ظلم کیا ہے کہ ہمیں جو ضرورت ہے وہ منصوبے بھی نہیں لگائے گئے۔ منصوبے کون سے لگے جو تھوڑے بہت ہمیں نظر آئے Orange Train کا منصوبہ لگایا گیا، Orange Train کے لیے 160 ارب کا چین سے قرض لیا گیا اور اس قرضے کا ہم ہر سال 10 ارب سود دیں گے اور ساتھ ساتھ ticket کی مد میں جو نقصان ہوگا وہ 14 ارب روپے ہیں۔ تو total 24 ارب روپے اس منصوبے سے ہمیں نقصان ہو گا۔ یہ اتنے ہوشیار businessmen ہیں، یہ اتنی ہوشیار families ہیں، اگر یہ اپنے بچوں کے لیے کارخانے لگاتے ہیں تو یہ ایک feasibility بناتے ہیں۔ اگر ایک روپے کا نقصان ہوگا اپنے گھر کا تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس منصوبے سے یہ دور بھاگیں گے اور وہ منصوبہ نہیں لگائیں گے لیکن غریب عوام کا جو پیسا ہے اتنی بے دردی سے انہوں نے استعمال کیا کہ اللہ تعالیٰ ایسے حکمران دشمن ملک کو بھی نہ دے۔ ہمیں دعاء کرنی چاہیے کہ دشمن ملک کو بھی ایسے حکمران نہ دے۔

جناب والا! اس کے ساتھ ساتھ اگر ہم پنجاب کی بات کریں تو انہوں نے تعلیم کے لیے پچھلے بجٹ میں یعنی last time budget جو انہوں نے رکھا تھا پچھلی حکومت نے تعلیم کے لیے 60 ارب، صحت کے لیے 54 ارب اور صاف پانی کے لیے انہوں نے 12 ارب روپے رکھے تھے۔ جو ضروری چیزیں ہیں ان کے لیے 12 ارب ہیں اور جو نقصانات کر رہے ہیں جو نظر آئے گا عوام کو ان کے 24 ارب کا نقصان اور وہ نقصان ہم باہر سے قرضہ لے کر پورا کریں گے۔ اگر اپنی پیداوار ہوتی تو

پھر تو ٹھیک ہے آپ لے لیتے۔اس کے ساتھ ساتھ growth کی بات کرتے ہیں کہ ہمارے زمانے میں بہت growth تھی ۔ جناب والا! growth کو تین چیزوں سے ناپا جاتا ہے۔ consumption, foreign investment and export. جناب والا! ان کے زمانے میں consumption تو ٹھیک تھی آپ بھی ماشاءاللہ کاروبار سے تعلق رکھتے ہیں آپ کو آسانی سے اس کا اندازہ ہوتا ہو گا کہ consumption ان کے زمانے میں بہت تھی کیونکہ credit card کا father تھا جو یہ استعمال کرتے تھے۔اس کی میں اس طرح مثال دے دوں کہ اگر میرے بچے لندن میں پڑھتے ہیں اور میں اس گھر کا بڑا ہوں میرے بھتیجے ہیں میرے دوسرے رشتہ دار ہیں اور میں ان کو Mercedes دے دوں ان کو ہر چیز دیتا ہوں تو جب ان کا due time آجائے گا تو میں تو بھاگ جاؤں گا کیونکہ میرا تو business اور بچے اور ہسپتال ہے اور ڈاکٹر وغیرہ تو باہر ہیں۔ پھر جب قرض دار آئیں گے تو آپ اندازہ کریں اس گھر کا کیا حال ہو گا۔ انہوں نے ہمیں اس بحران میں لا کر کھڑا کیا ہے اب یہ بات کرتے ہیں ہمارے colleagues کہ آپ لوگ IMF کے پاس گئے ہیں، IMF کے پاس ہم کبھی نہ جاتے لیکن آپ نے ہمیں IMF کے پاس جانے کے لیے مجبور کیا۔ جناب والا! انہوں نے 30,800 ارب کے قرضے لیے، 3000 ارب ان قرضوں کا سود دینا پڑ رہا ہے، پھر یہ بات کرتے ہیں کہ ہمارا Defence کا بجٹ 1,200 ارب ہے، ہم شکر ادا کرتے ہیں کہ ہماری افواج نے ہمارے ملک کو بچایا، ہمارے قبائلوں کو بچایا، اگر یہ نہ ہوتے تو ان لوگوں نے تو ہمیں بیچ دیا تھا۔ ہم فوج کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی جانیں قربان کیں، ہمارے فاٹا کو بچایا، مجھے معلوم ہے، میرا تو تعلق ہی فاٹا سے ہے، وہاں پر دشمن ہم پر ظلم کر رہا تھا، ہمیں تو فوج کو خراج تحسین پیش کرنی چاہیے، ہمیں یہاں پر دشمن کی زبان نہیں بولنی چاہیے۔

جناب چیئرمین! یہ اپنی حکومت کے دور کی بات کرتے۔ پیپلز پارٹی سات مرتبہ IMF کے پاس گئی اور یہ ہمیں کہتے ہیں کہ آپ کا وزیراعظم کیوں IMF کے پاس گیا۔ مسلم لیگ (ن) والے پانچ سالوں میں تین مرتبہ IMF کے پاس گئے، ان لوگوں کی وجہ سے 30 ہزار ارب کا قرضہ ہوا، ہم ان کے قرضوں کے سود کی مد میں pay کرنے کے لیے IMF کے پاس گئے، اگر ہم قرضہ نہ لیتے اور ان کا سود pay نہ کرتے تو ہم bankrupt ہو جاتے، ہمارا افریقہ کے ممالک میں شمار ہوتا، ہماری کرنسی اتنی devalue ہوتی کہ ہم ٹرکوں پر ایک ایک bread لے کر جاتے۔ کل بہت جوشیلے انداز میں

ہمارے ایک colleague نے کہا کہ ہم نے ڈالر 150 تک پہنچایا ہے، انہوں نے ڈالر 105 پر مصنوعی طور پر روکا ہوا تھا۔ ڈار صاحب جب ساڑھے چار سال کے بعد چلے گئے اور جب مفتاح صاحب آئے تو انہوں نے دیکھا کہ یہ تو ہم نقصان کر رہے ہیں، انہوں نے اس وقت ڈالر 115 پر پہنچایا، انہیں وہ وقت یاد نہیں ہے، پھر انہوں نے چار مہینوں میں ڈالر کم کیا، 105 پر ڈالر لانے کے لیے انہوں نے ملک کا 24 billion dollar کا نقصان کیا، اس سے یہ نقصان ہوا کہ import پر subsidy دے رہے تھے جس کی وجہ سے ہماری export کم ہو گئی۔ 2013 میں جب مسلم لیگ (ن) کی حکومت آئی تو ہماری export 25 to 30 billion dollar تھی، جب یہ 2018 میں جاتے ہیں تو export 18 billion سے نیچے آجاتی ہے اور ہمارا خسارہ بڑھ جاتا ہے۔ان کے دور میں foreign investment zero رہی، ہماری export 25 billion پر آ گئی۔ پیپلز پارٹی نے current deficit 2.5 billion پر چھوڑا تھا، مسلم لیگ (ن) نے اسے 19 ارب ڈالر پر پہنچا دیا، تجارتی خسارہ 32 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، اگر ہم ان کے دور کے صرف دو سال کی بات کریں تو ہمارا reserve 18 billion dollar تھا، انہوں نے اسے دس ارب ڈالر تک پہنچا دیا۔ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے export کو تباہ کیا ہے، اس پر sales tax لگا دیا ہے۔ اگر یہ study کریں تو معلوم ہو گا کہ export والے جو raw-material بناتے ہیں، اس کا advance sales tax لیتے ہیں اور اگر یہ export کریں اور جب آپ کو remittance آئے گا تو اسی دن Central Bank or State Bank آپ کے account میں پیسے جمع کرے گا، ہمیں Finance Advisor نے بتایا ہے کہ یہ پیسے delay نہیں ہونے چاہییں، یہ concern صحیح ہے لیکن ہم ایسا سسٹم بنا رہے ہیں کہ remittance کے ساتھ اسی دن exporter کو 17% واپس مل جائیں، ان شاء اللہ یہ ٹھیک رہے گا۔

جناب چیئرمین! میں ایک دو باتیں پشتو میں فاٹا کے حوالے سے کرنا چاہتا ہوں، اگر آپ اجازت دیں تو میں پشتو میں بات کرلوں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کے لیے آپ پہلے مطلع کرتے تو یہاں پر translation کی سہولت مہیا ہوتی۔

سینیٹر محمد ایوب: جناب! انہیں معلوم ہے، already پشتو والے بیٹھے ہوئے ہیں، ان شاء اللہ وہ translation کر لیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایسا نہیں ہے، آپ پشتو میں بولنے کے بعد خود ہی translate کر دیں۔

سینیٹر محمد ایوب: ٹھیک ہے میں کوشش کرتا ہوں، میں translate کر دوں گا۔ ہمارے colleague رضا ربانی صاحب یہاں پر انگریزی میں بات کرتے ہیں، 90% تو لوگ اردو بولتے ہیں، یہ انگریزی میں کیوں بات کرتے ہیں، یہ کس کو پیغام دینا چاہتے ہیں، ہمیں بدنام تو کر رہے ہیں کہ ہمارا Prime Minister IMF کے ساتھ ملا ہوا ہے لیکن یہ خود بیان بازی کرتے ہیں۔ ہمیں اپنی زبان میں بات کرنی چاہیے تاکہ لوگوں تک ہماری باتیں پہنچیں اور وہ سمجھیں کہ کیا بات ہو رہی ہے۔ ہمارے علاقے میں 20 سال سے آپریشن جاری ہے، وہاں تعلیم ہے ہی نہیں، وہ لوگ تو اردو بھی نہیں سمجھتے، اس لیے میں پشتو میں بات کرنا چاہتا ہوں تاکہ میری بات ان تک پہنچے۔ (پشتو)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پشتو میں یہاں پر allow نہیں کر سکتا، the rules do not permit. آپ اسے اردو میں translate کر دیں تاکہ یہاں کے لوگ اسے سمجھ سکیں۔

سینیٹر محمد ایوب: ٹھیک ہے میں پہلے پشتو میں بات کرتا ہوں اور پھر translate کر دوں گا۔ (پشتو)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ تو ابھی بڑی اچھی اردو بول رہے تھے، آپ تو اردو میں explain کر سکتے ہیں۔ آپ اس ہاؤس کو بولنا چاہتے ہیں یا کسی اور کو بولنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر محمد ایوب: میں اردو تو بول سکتا ہوں لیکن وہ لوگ اردو نہیں سمجھتے، میں تو اپنے علاقے کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں۔ میں معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ اپوزیشن والے ملک اور عوام کے لیے interested ہی نہیں ہیں۔ (پشتو)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آفریدی صاحب! مجھے rules permit نہیں کرتے، آپ kindly اردو یا انگلش میں بات کریں۔ اگر آپ translate کریں گے تو پھر کافی ٹائم لگ جائے گا، اگر آپ نے کوئی چھوٹی سی بات کرنی ہے تو ٹھیک ہے۔

سینیٹر محمد ایوب: ٹھیک ہے میں اردو میں ہی بول لیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت مہربانی۔ آپ کے پندرہ منٹ ہو گئے ہیں، آپ کو wind up بھی کرنا ہے۔

سینیٹر محمد ایوب: جناب چیئرمین! ہمارا جو دس سالہ development plan ہے، last time اس میں PTI کے بھی ارکان شامل تھے، انہوں نے دس سال کے لیے ہزار ارب روپے رکھے ہیں، ہمارے Prime Minister صاحب نے 152 ارب روپے کی commitment کی تھی، ہر سال کے لیے سو ارب رکھے گئے ہیں، ہمیں خوشی ہے کہ یہ پیسے ہمیں اس حکومت نے دیے ہیں، اس سے پہلے کسی نے نہیں دیئے، نہ ہی رکھے گئے۔ میرا point یہ ہے کہ انہوں نے ٹیکسوں کی مد میں کہا تھا کہ فاٹا سے ٹیکس نہیں لیں گے، پانچ سال تک فاٹا کی عوام پر کوئی ٹیکس لاگو نہیں ہو گا، دس سال کے لیے development fund دیں گے اور پانچ سال تک ٹیکس نہیں لیا جائے گا۔ منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، دس سال والی جو commitment ہوئی تھی، وہ تو پوری ہو رہی ہے، انہوں نے بجٹ میں budget allocate کر دیے ہیں لیکن یہ جو ٹیکسوں کی مد میں ہم سے وصولی کر رہے ہیں اس سلسلے میں ہماری درخواست ہے کہ اس ٹیکس کو ختم کیا جائے۔ جناب چیئرمین! آپ بھی businessman ہیں، جب بندہ فیکٹری لگاتا ہے تو دو تین سال تک اسے کمائی کے لیے چاہییں جب آپ بند کرتے ہیں تو تب بھی دو، تین سال چاہییں۔ آپ اگر اس پر راتوں رات tax لگا دیں تو ہزاروں مزدور ہیں، یہ ان کو بے روزگار کر دیں گے۔ یہ بھی تھوڑی سوچنے کی بات ہے کہ ہمیں پانچ سال کیوں دیے گئے تھے، اس لیے دیے تھے کہ اب انضمام ہو گیا ہے تو آپ اپنا کوئی دوسرا کاروبار ڈھونڈیں، کوئی دوسری factory لگائیں کیونکہ 5 سال بعد آپ کو tax لگنے والے ہیں۔

جناب! جناب وزیر صاحب بھی بیٹھے ہیں، میں معذرت سے کہوں گا کہ اب انہوں نے کیا ہوشیاری کی ہے، انہوں نے دو industries پر tax لگا دیا ہے، باقی معاف کر دیا ہے کیونکہ قبائلیوں کی دو industries تو ہیں، ایک steel ہے اور ایک گھی ہے۔ انہوں نے steel پر tax لگا دیا ہے تو مہربانی کریں، اگر ہماری طرف لوگ بیٹھے ہیں، ان کی steel mill ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ ہماری steel mill کا business خراب ہو گا تو آپ یہ نہ سوچیں، آپ ملک کے leaders ہیں، آپ ملک کا سوچیں، آپ غریب عوام کا سوچیں، آپ قبائل کا سوچیں۔ آپ کو

70 سال میں اس business سے کوئی فرق نہیں پڑا ہے تو تین، چار سال رہ گئے ہیں تو اس سے بھی فرق نہیں پڑے گا لیکن اس سے بڑا نقصان ہو گا، اگر آپ نے یہ factories بند کر دیں تو وہاں کے ہزاروں لوگ ان تحریکوں میں شامل ہو جائیں گے۔ آج کل تو بڑا sensitive وقت ہے تو آپ ان کو ہوا نہ دیں، آپ مہربانی کریں، ہم نے Finance Committee میں بھی اپنی تجاویز دی ہیں۔ Finance Minister صاحب بیٹھے ہیں، آپ اس کو serious لیں اور اس کو withdraw کریں جو commitment ہوئی تھی۔ یہ سارے لوگ اسلام آباد آنے والے ہیں، یہ سب اسلام آباد میں یہاں پر strike کریں گے، اگر اس labour کو بے روزگار کریں گے تو اس مسئلہ کو بہت serious لینا چاہیے۔

جناب چیئرمین! میری آپ سے request ہے کہ آپ اس پر ruling دے سکتے ہیں کیونکہ یہ ہمارے پاس لکھا ہوا ہے اور یہ آئین میں ہے تو آپ ruling دے دیں کہ یہ tax نہیں لگنا چاہیے۔

جناب! اس کے ساتھ ساتھ ہمارا جو مطالبہ ہے، وہ بھی سینیٹ سے ہے جو ہماری صوبائی seats کا ہے۔ ایک resolution آئی تھی، انہوں نے قومی اسمبلی سے منظور کی ہے جو bill تھا اور وہ یہاں پر لے کر بیٹھے ہیں تو میری آپ سے درخواست ہے کہ ہماری یہ seats 16 ہیں، یہ 24 seats ہونے والی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ برائے مہربانی wind up کریں۔

سینیٹر محمد ایوب: جناب! یہ بڑی ضروری بات ہے، آپ اس کو سنیں اور آپ نے ہی اس کو کرنا ہے۔ ہماری MNAs 6 seats کی ہیں، 12 seats ہونے والی ہیں، اگر اس position میں ابھی نہیں ہوا تو پھر یہ کب ہو گا، یہ تو کبھی نہیں ہو گا۔ سینیٹ کی یہ بڑی ذمہ داری بنتی ہے، جناب! آپ بجٹ speeches ایک دن کے لیے suspend کریں اور اس bill کو pass کریں ورنہ ہمیں لوگ معاف نہیں کریں گے۔ خاص طور پر سینیٹ کے FATA کے Senators ہیں، ان کا بھی یہ فرض بنتا ہے کہ وہ اس کے لیے آواز اٹھائیں۔ ہم نے یہ bill pass کروانا ہے، جناب! آپ اس میں مدد کریں، اگر یہ pass نہیں ہوا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ بجٹ پر discussion ہو رہی ہے، یہ ویسے standing committee میں discuss ہوا ہے۔

سینیٹر محمد ایوب: جی یہ discuss ہوا ہے لیکن وقت بہت کم ہے کیونکہ آپ نے already announce کیا ہوا ہے۔ 2 جولائی کو صوبائی election ہونے والے ہیں، اب ان کو تھوڑا delay کیا ہے اور وہ 20 جولائی تک پہنچ گئے ہیں، اگر ہمارے صوبائی election تین، چار مہینے delay ہو جاتے ہیں تو کوئی قیامت آنے والی نہیں ہے۔ اس سے بہت بڑا فرق پڑنے والا ہے کیونکہ ہم صوبائی seats 8 اپنے loose کر گئے۔ جناب! میری آپ سے درخواست ہے کہ آپ اس میں تھوڑی سی رعایت کریں۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا شکریہ۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: سینیٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب! میں اس پر بات نہیں کر رہا، میں اس پر بالکل بات نہیں کر رہا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ پہلے بات کر چکے ہیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: میں آپ کی طرف نہیں آؤں گا، میں بالکل کوئی ایسی بات نہیں کروں گا، میں اس طرف بالکل نہیں آؤں گا۔ جناب! میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ساری حکومتوں نے tax کے حوالے سے وعدہ کیا تھا کہ tribal سے پانچ سال کے لیے tax نہیں ہو گا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہم نے وہ note کر لیا ہے۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: آج آپ بیٹھے ہوئے ہیں، آپ ruling دیں کہ ان سے tax لینا، یہ بہت ناجائز بات ہے، یہ وعدہ پورا کرنا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہاں پر ابھی ruling نہیں آ سکتی، یہ کمیٹی میں discuss ہوا ہے، اس کو thoroughly discuss کر رہے ہیں، اس کو دیکھتے ہیں۔

The House stands adjourned to meet again on Friday the 21st June, 2019 at 10.30 a.m.

------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Friday the 21st June, 2019 at 10.30 a.m]*

------------------

Index


Senator Ayesha Raza Farooq ........................................................................ 3
Senator Dr. Asad Ashraf .........................................................................4, 5, 6, 7, 8
Senator Mian Raza Rabbani ........................................................................9, 49
Senator Mushtaq Ahmed ........................................................................23, 24
سینیٹر انوارالحق کاکڑ ........................................................................32, 33, 37, 39
سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق ........................................................................ 26
سینیٹر عطاءالرحمٰن ........................................................................27, 31, 32
سینیٹر محمد ایوب ........................................................................54, 55, 56, 57
سینیٹر محمد جاوید عباسی ........................................................................ 57
سینیٹر محمد عثمان خان کاکڑ ........................................................................10, 14, 17, 18, 19, 20, 21, 22, 23
سینیٹر میاں رضا ربانی ........................................................................40, 43, 44
سینیٹر محمد ایوب ........................................................................ 50